آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
MEMBER OF APNS & CPNE
www.dailyshal.com

جلد نمبر 34 | بروز جمعرات 22 ستمبر 2022ء بمطابق 25 صفر 1444ھ | شمارہ نمبر 222

پاگل اور احمق شخص سے کوئی بات نہیں ہو سکتی، وزیر داخلہ کی عمران خان پر تنقید

توشہ خانہ کیس میں چور رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے، چور نے غیر اخلاقی حرکت کی ہے، بھلا کوئی ایسے بھی کرتا ہے آپ کو کوئی تحفہ دے اور آپ تحفہ بیچ دیں

توشہ خانہ سے سونے کے قلمدان اور ٹی سیٹ اٹھالئے، عمران خان نے توہین عدالت کی جو ثابت ہے، اب شاید معافی مانگ لے

احتجاج عمران خان کا آئینی حق ہے، ایف نائن پارک میں احتجاج کریں، اگر ڈی چوک آنے کی کوشش کی گئی تو دھونی دیں گے، رانا ثناء اللہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نے ایک بار پھر تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے واضح کیا ہے کہ اس پاگل اور احمق شخص سے کوئی بات نہیں ہو سکتی، توشہ خانہ کیس میں چور رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے، چور نے غیر اخلاقی حرکت کی ہے، بھلا کوئی ایسے بھی کرتا ہے آپ کو کوئی تحفہ دے اور آپ تحفہ بیچ دیں، توشہ خانہ سے سونے کے قلمدان اور ٹی سیٹ اٹھالئے، عمران خان نے توہین عدالت کی جو ثابت ہے، اب شاید معافی مانگ لے، اسلام آباد کے داخلی راستے کسانوں کے احتجاج کی وجہ سے بند کیے گئے ہیں، احتجاج عمران خان کا آئینی حق

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

نماز	وقت
فجر	5:45
ظہر	1:45
عصر	5:00
مغرب	6:30
عشاء	07:30

اہل تشیع

نماز	وقت
فجر صبح	05:15
ظہرین	01:00
مغربین	7:00

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف امریکی وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

سنکیانگ، چین اور ہمسایہ ممالک کے درمیان معاشی ہم آہنگی کیلئے تیار ہے، وزیراعظم

حالیہ برسوں میں سنکیانگ کی ترقی میں نمایاں ثمرات حاصل ہوئے ہیں، بنیادی تنصیبات کی تعمیر کو تیزی سے فروغ ملا ہے، عوامی زندگی مسلسل بہتر ہوئی ہے

چین مختلف ممالک کے ساتھ مل کر یوریشیا تعاون کے شعبے کو وسعت دینے، معیار کو بلند کرنے اور مشترکہ ترقی وخوشحالی کو فروغ دینے کا خواہاں ہے، چینی صدر

سنکیانگ، چین کی ترقی، چین اور ہمسایہ ممالک کے درمیان معاشی ہم آہنگی اور باہمی روابط میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے' شہباز شریف

بیجنگ (این این آئی) ساتویں چائنا یوریشیا ایکسپو چین کے سنکیانگ ویغور خوداختیار علاقے کے صدر مقام ارمچی میں شروع ہوگئی۔ بدھ کے روز چینی میڈیا کے مطابق چین اور یوریشیائی ممالک کے تبادلوں وتعاون کے اہم پلیٹ فارم کی حیثیت سے یہ ایکسپو شاہراہ ریشم کی اقتصادی پٹی کے کلیدی علاقے کی تشکیل کیلئے سنکیانگ کی ایک اور اہم سرگرمی ہے جو اعلیٰ معیار کے کھلے پن کو فروغ دینے کے چین کے عزم کی عکاس ہے اور بیلٹ اینڈ روڈ کی مشترکہ تعمیر کے لیے قوت محرکہ بھی فراہم کرتی ہے۔ پاکستانی وزیر اعظم شہباز شریف نے افتتاحی تقریب سے اپنے خطاب میں کہا کہ سنکیانگ، چین کی ترقی، چین اور ہمسایہ ممالک کے درمیان معاشی ہم آہنگی اور باہمی روابط میں اہم کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔ چائنا یوریشیا ایکسپو ارمچی بیرونی اقتصادی وتجارتی میلے کی بنیاد پر شروع

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

سیلاب متاثرہ افراد کی بحالی کیلئے مکمل تعاون فراہم کر رہے ہیں، ترجمان پاک فضائیہ

پاک فضائیہ کے میڈیکل لیب کمیشن یونٹس فوری طور پر سیلاب متاثرین میں پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی شناخت اور تشخیص کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پاک فضائیہ کی جانب سے خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان اور جنوبی پنجاب کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ریسکیو، ریلیف اور بحالی کی کارروائیاں جاری ہیں۔ پاک فضائیہ کے اہلکار سیلاب زدگان کی بہبود، خوراک، رہائش، پینے کے پانی، طبی امداد اور بنیادی

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

ROMANIA
PAKISTAN

نیویارک: وفاقی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری یو این جی اے کے اجلاس میں پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں

اقوام متحدہ میں ترک صدر کا پاکستان کی مالی امداد اور مسئلہ کشمیر کے حل کا مطالبہ

یوکرین اور روس جنگ کے خاتمے کیلئے اقوام متحدہ ترکیہ کی کاوشوں کی حمایت کریں، صدر اردوان

جنیوا (این این آئی) ترک صدر طیب اردوان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب میں رکن ممالک سے پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد، مسئلہ کشمیر کے فوری حل اور یوکرین، روس کو جنگ سے نکلنے کیلئے باوقار راستہ فراہم کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ عالمی میڈیا کے مطابق اقوام متحدہ کی جنرل

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ہم نے معاہدے کرکے اپنی معیشت کو آئی ایم ایف کے حوالے کیا، مولانا فضل الرحمن

عمران خان سیاسی تھا نہ سیاسی ہے اور نہ ان کی آئندہ کوئی سیاست موجود ہے، وہ گر چکا ہے

سکھر (این این آئی) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ اور جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے ملک میں مہنگائی میں اضافے کو تسلیم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے اپنے ملک کی معیشت کو معاہدے کر کے آئی ایم ایف کے حوالے کیا، سندھ میں سمندری

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالقیوم شمبوزاری کو صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کا چارج دے دیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ایک نوٹیفکیشن کے مطابق عبدالقیوم شمبوزاری کو صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کا چارج دے دیا گیا ہے۔ جس کے بعد بدھ کے روز انہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال لیا ہے۔ الیکشن کمیشن بلوچستان کے سینئر افسران سے خطاب کرتے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاک فوج کی جانب سے گوادر کے نواحی علاقے سربندر میں ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے پسماندہ علاقوں میں صحت کی سہولیات کو عوام کی دہلیز تک پہنچانے کی کاوشیں پاک فوج کی ترجیحات میں ہمیشہ نمایاں رہی ہیں۔ اسی سلسلے میں جی او سی 44 اسپیشل سیکیورٹی ڈویژن کی خصوصی ہدایت پر پاک فوج کے ڈاکٹروں کی ٹیم بشمول لیڈی ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل اسٹاف پر مشتمل ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

میر حفیظ الرحمان بلوچ کی صوبائی محتسب نذر محمد بلوچ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب انشورنس بلوچستان میر حفیظ الرحمان بلوچ نے صوبائی محتسب نذر محمد بلوچ سے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق 1 زخمی

گوادر (این این آئی) مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثہ، ایک شخص جاں بحق 1 زخمی ہو گیا، تفصیلات کے مطابق جیونی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سے افغانستان چینی کی اسمگلنگ انتظامیہ کی ناک کے نیچے سرعام جاری ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، جنرل

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے 6 پولیس تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کردیے گئے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے 6 پولیس تھانوں کے ایس ایچ او تبدیل کردیے گئے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

سپریم کورٹ نے اسحاق ڈار کی درخواست خارج کردی، اشتہاری قرار دینے کا فیصلہ برقرار

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے سابق وزیر خزانہ، مسلم لیگ ن کے رہنما اسحاق ڈار کو اشتہاری

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 45 پیسے کا اضافہ، ڈیزل کی قیمت برقرار

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے 6 روز کی تاخیر کے بعد بالآخر پیٹرولیم مصنوعات کی نظرثانی شدہ قیمتوں کا نوٹیفکیشن

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

کورونا وبا، کوئی مریض فوت نہیں ہوا، مزید 52 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وبا کے باعث کوئی مریض فوت نہیں ہوا، ملک

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

ماشکیل بگ ایریا میں گاڑی الٹ گئی دو افراد جاں بحق چار زخمی

نوکنڈی (این این آئی) ماشکیل بگ ایریا میں گاڑی الٹ گئی دو افراد جاں بحق چار زخمی ہوگئے۔ لیویز ذرائع کے مطابق

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

پی ٹی آئی کا ممکنہ دھرنا، اسلام آباد میں سیکیورٹی انتظامات شروع، ڈی چوک خاردار تاریں اور کنٹینرز لگا کر بند

کچھ لوگوں نے اپنے سیاسی مطالبات منوانے کیلئے پنجاب سے وفاق کا رخ کیا ہے، ترجمان اسلام آباد پولیس

اسلام آباد کے داخلی راستوں پر سیکڑوں کنٹینرز لگانے کے ساتھ خندقیں بھی کھودی جائیں گی، ذرائع کا دعویٰ

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے ممکنہ احتجاج اور دھرنے کے پیش نظر اسلام آباد انتظامیہ نے سیکیورٹی انتظامات شروع کر دیے، ڈی چوک کو خاردار تاریں اور کنٹینرز لگا کر بند کر دیا گیا۔ ترجمان اسلام آباد پولیس نے کہا کہ کچھ لوگوں نے اپنے سیاسی مطالبات منوانے کیلئے پنجاب سے وفاق کا رخ کیا ہے، کسی بھی ممکنہ لا اینڈ آرڈر صورتحال سے نمٹنے کیلئے ریڈ زون کی سیکیورٹی بڑھا دی گئی ہے۔ ترجمان کے مطابق اسلام آباد میں ریڈ زون کے داخلی وخارجی راستوں پر پولیس کی اضافی نفری

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

فارن فنڈنگ فیصلے کے باوجود حکومت پی ٹی آئی کیخلاف کوئی ٹھوس کارروائی نہ کرسکی

پونے دو ماہ گزرنے کے باوجود حکومت اور اتحادی کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر ہیں، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے فارن فنڈنگ کیس کے فیصلے کے باوجود حکومت پی ٹی آئی کیخلاف تاحال کوئی ٹھوس کارروائی نہیں کرسکی۔ 2 اگست کے بعد سے اب تک پونے دو ماہ گزرنے کے باوجود فارن فنڈنگ معاملے پر حکومت اور اس

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

نوجوانوں کو جدید تعلیم اور سائنسی علوم سکھانے کی ضرورت ہے، صدر مملکت

ترقی یافتہ قومیں اپنی زبان پر فخر کرتی ہیں، پاکستان کے آئین اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق اپنی زبان کو مستحکم رکھنا ہے

پاکستان کے آئین اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق اپنی زبان کو مستحکم رکھنا ہے، ڈاکٹر عارف علوی کا بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے علوم کے فروغ اور نوجوانوں کو جدید تعلیم اور سائنسی علوم سکھانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے نتیجے میں نہ صرف ملک کو ترقی یافتہ بنانے میں مدد ملے گی بلکہ تعلیم کے شعبے میں نمایاں بہتری آئے گی، ترقی یافتہ قومیں اپنی زبان پر فخر کرتی ہیں، پاکستان کے آئین اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق اپنی زبان کو مستحکم رکھنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو یہاں علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں انگریزی زبان کے حوالے سے تین روزہ بین الاقوامی کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کا اہتمام یونیورسٹی نے امریکی

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

آج کے جدید دور میں جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے، قمر زمان کائرہ

قمر زمان کائرہ سے فرینڈز آف کشمیر انٹرنیشنل کی چیئر پرسن غزالہ حبیب کی ملاقات، مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی تازہ ترین صورتحال پر گفتگو

وفاقی حکومت مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے، مشیر امور کشمیر قمر زمان کائرہ کی ملاقات میں بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان قمر زمان کائرہ سے اسلام آباد میں فرینڈز آف کشمیر انٹرنیشنل کی چیئر پرسن غزالہ حبیب نے ملاقات کی۔ ملاقات میں فرینڈز آف کشمیر انٹرنیشنل کے وائس چیئرمین عبدالحمید لون نے بھی شرکت کی۔ ملاقات میں مسئلہ کشمیر اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی تازہ ترین صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں مقبوضہ کشمیر میں جاری بھارتی ریاستی دہشت گردی کی شدید مذمت کرتے ہوئے مشیر امور کشمیر نے کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں بغیر کسی روک ٹوک کے انسانی حقوق کی دھجیاں اڑا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری دنیا کے جس فورم پر جاتے ہیں وہ سب سے پہلے مسئلہ کشمیر پر بات کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کے جدید دور میں جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کو حل کرنے کیلئے عالمی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

شوکت ترین آڈیو لیک معاملہ، سابق وزیر خزانہ پیش نہیں ہوئے، ایف آئی اے نے ایک اور نوٹس بھیج دیا

نوٹس میں شوکت ترین کو (آج) صبح 11 بجے ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خزانہ شوکت ترین وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) کی جانب سے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) پروگرام کے حوالے سے مبینہ آڈیو کلپ کے معاملے پر نوٹس جاری کردہ نوٹس پر ذاتی حیثیت میں ایف آئی اے کے سامنے پیش نہیں ہوئے۔ سینیٹر شوکت ترین کی عدم پیشی کے باعث ایف آئی اے نے انہیں طلبی کا ایک اور نوٹس جاری کر دیا، نوٹس میں شوکت ترین کو (آج) 22 ستمبر بروز جمعرات صبح 11 بجے ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل میں پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ایف آئی اے کے نوٹس میں کہا گیا کہ پیش نہ ہونے کی صورت میں شوکت ترین

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

سندھ میں سیلاب زدہ علاقوں میں گیسٹرو سمیت دیگر بیماریاں پھیلنے سے مزید 6 افراد جاں بحق

صوبے میں موجود ملک کی میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل منچھر میں پانی کی سطح میں بے انتہا اضافہ دیکھا گیا ہے

یکم جولائی سے اب تک صوبے میں 20 لاکھ 70 ہزار سے زائد بے گھر افراد کا پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے سلسلے میں علاج کیا جا چکا ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) سندھ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں قائم کیے گئے طبی کیمپوں میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران مزید 78 ہزار سے زائد مریضوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، صوبے میں بیماریوں کے پھیلنے کا تشویشناک سلسلہ بھی بدستور جاری ہے، گیسٹرو اور دیگر بیماریوں سے مزید 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ صوبائی محکمہ صحت کے مطابق، 2 شہریوں کی موت گیسٹرو وانٹرائٹس سے ہوئی، 2 افراد پائرکسیا آف ان نان آرگن (ایسی حالت جس میں مریض درجہ حرارت کے ساتھ تین ہفتوں سے زیادہ کسی بیماری کا شکار رہے) کی وجہ سے جاں بحق ہوئے جب کہ ایک مریض مایوکارڈیل انفکشن اور ایک شہری کارڈیو پلمونری اریسٹ کے باعث موت کی وادی میں گیا۔ حالیہ سیلاب کے دوران صوبہ سندھ خاص طور پر سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے، صوبے میں موجود ملک کی میٹھے پانی کی سب سے بڑی جھیل منچھر میں پانی کی سطح میں بے انتہا اضافہ دیکھا گیا ہے جبکہ شمالی علاقوں اور بلوچستان سے آنے والا سیلابی پانی جنوب

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

نواز شریف سے تہمینہ دولتانہ کی ملاقات، ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو

لندن (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف سے مرکزی رہنما تہمینہ دولتانہ نے لندن میں ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ ملاقات میں سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار اور عمران قتیل دولتانہ بھی موجود تھے۔ نواز شریف نے تہمینہ دولتانہ کا محترمہ کلثوم نواز کا ساتھ دینے، جمہوریت کی بحالی کے لیے کردار ادا کرنے

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

احسن اقبال کیخلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس ریفرنس خارج

سپریم کورٹ نے سیاسی انجینئرنگ پر فیصلہ جاری کیا تھا، کیا یہ سیاسی انجینئرنگ کا بہترین کیس نہیں؟

عمران خان نے چیئرمین نیب کو بلیک میل کر کے مقدمات بنوائے اور لیگی قیادت کو جیل میں ڈالا، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے وفاقی وزیر احسن اقبال کے خلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس کا ریفرنس خارج کر دیا۔ بدھ کو چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ اطہر من اللہ نے احسن اقبال کے خلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس خارج کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ نے سیاسی انجینئرنگ پر فیصلہ جاری کیا تھا، کیا یہ سیاسی انجینئرنگ کا بہترین کیس نہیں؟ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے کہا کہ نیب آرڈیننس میں کیا آپ کے پاس ایسا کرنے کا اختیار ہے؟ کون ذمہ

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کو لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریب کے دوران پراجیکٹ ڈائریکٹر ثناء ملک شیلڈ پیش کر رہی ہیں

وزیراعظم کی سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی کام تیز کرنے کی ہدایت

متاثرہ علاقوں میں امداد کی ترسیل میں تیزی لائی جائے، آن لائن اجلاس سے خطاب

70 فیصد فنڈ سندھ اور 30 فیصد بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں لگائے جائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کام تیز کرنے کی ہدایت جاری کر دیں۔ وزیراعظم کی زیر صدارت سیلاب زدگان کی صورتحال پر آن لائن اجلاس کے دوران وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے وزیراعظم کو ریل کی پٹڑیوں کی بحالی سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں امداد کی ترسیل میں تیزی لائی جائے، 70 فیصد فنڈ سندھ اور 30 فیصد بلوچستان کے سیلاب متاثرہ علاقوں میں لگائے جائیں۔ وزیراعظم نے ہدایات جاری

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے مقامی صحافی سے کشمیر آباد میں نامعلوم چوروں نے جیب کاٹ کر موبائل فون لیکر فرار ہوگئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے مقامی صحافی سے کشمیر آباد میں نامعلوم چوروں نے جیب کاٹ کر موبائل فون لیکر فرار ہوگئے سریاب پولیس تھانے میں ایف آئی آر درج کردی گئی تفصیلات کے مطابق مقامی صحافی مظفر علی جو کہ ایک ٹی وی چینل میں فوٹو گرافر ہے گزشتہ روز کشمیر آباد میں نامعلوم چوروں نے جیب کاٹ دیا جس میں اسکے موبائل

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

ابھی عمران خان کی کال نہیں آئی، سینکڑوں کنٹینرز اور 30 ہزار کی نفری اسلام آباد آگئی، شیخ رشید

رات 2 بجے پیٹرول پر شب خون مار کے 1.50 روپے اضافہ کر دیا گیا، ہر روز روپے کی قدر میں کمی، اجناس، پیٹرول اور بجلی میں اضافہ ہو رہا ہے

رنجیت سنگھ کی سوچ اسلام آباد کو پانی پت کا میدان بنانا چاہتی ہے، عوام کا فیصلہ دوٹوک ہے، الیکشن کراؤ اور گھر جاؤ

لاہور (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ ابھی عمران خان کی کال نہیں آئی اور سینکڑوں کنٹینرز اور 30 ہزار کی نفری اسلام آباد میں آگئی ہے، رات 2 بجے پیٹرول پر شب خون مار کے 1.50 روپے اضافہ کر دیا گیا، ہر روز روپے کی قدر میں کمی، اجناس، پیٹرول اور بجلی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ طاقتور بے قصور اور غریب قصوروار ٹھہرے ہیں، الیکشن کی طرف جانا ہے پابندگلی میں اس کا فیصلہ ہونے والا ہے۔ ہائیکورٹ نے [illegible] اب آنا بھی دلائے۔ انہوں نے کہا کہ 2 کے اضافے کے بعد کابینہ کی تعداد میں 72 ہو گئی ہے، لوگ سیلاب اور ڈینگی سے مر رہے ہیں یہ امریکہ کے مہنگے ترین ہوٹلوں میں قیام کر رہے ہیں۔ ایک تقرری سب پر بھاری ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آنے پر صوبائی اسمبلیاں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

متحدہ عرب امارات کی حکومت نے مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے، نوید قمر

پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ مختلف شعبوں میں اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

پاکستان میں زراعت، صحت، ریڈی میڈ گارمنٹس اور سولر کے شعبوں میں بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے، ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت سید نوید قمر نے کہا ہے کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ مختلف شعبوں میں اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، پاکستان میں زراعت، صحت، ریڈی میڈ گارمنٹس اور سولر کے شعبوں میں بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے۔ وہ پاکستان میں متحدہ عرب امارات کے سفیر حماد عبید ابراہیم سلیم الزعابی سے گفتگو کر رہے تھے جنہوں نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دو طرفہ تجارت کو فروغ دینے اور کارپوریٹ سیکٹر میں باہمی تعاون بڑھانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے ساتھ پاکستان کے تعلقات باہمی محبت اور احترام پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ مختلف شعبوں میں اپنے تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے کیونکہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ایران سے کوئی رعایت نہیں برتیں گے، امریکہ

امریکہ ایرانی پولیس حراست میں لڑکی کی ہلاکت کی مذمت کرتا ہے، محکمہ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) حالیہ صورتحال میں جب لگ رہا ہے کہ 2015 کے ایرانی جوہری معاہدے کو بحال کرنے میں جلد کوئی پیش رفت نہیں ہوگی، امریکی محکمہ خارجہ کے ذرائع نے کہا ہے کہ واشنگٹن تہران کو کوئی رعایت نہیں دے گا۔ ذرائع نے العربیہ سے بات کرتے ہوئے کہا امریکہ ایرانی حکومت کی تمام خلاف ورزیوں بالخصوص دہشت گردی کی مالی معاونت سے پوری طرح آگاہ ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا کہ امریکی محکمہ خارجہ چند روز قبل ایران میں فورسز کے ہاتھوں ہلاک

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

دیہی علاقوں کو ماحولیاتی تبدیلی کے خلاف لچک پیدا کرنے کی ضرورت ہے، ماہرین

مجموعی طور پر رورل کاربن فٹ پرنٹ اربن سے تقریباً 20 فیصد زیادہ ہے، پروفیسر ڈاکٹر فاروق خرم شہزاد

اسلام آباد (این این آئی) دیہی علاقوں کو کاربن کے خالص صفر اخراج کی طرف منتقلی اور موسمیاتی تبدیلی کے خلاف لچک پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی ملتان کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر فاروق خرم شہزاد نے چائنا اکنامک نیٹ (سی ای این) کو انٹرویو میں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ مجموعی طور پر رورل کاربن فٹ پرنٹ اربن سے تقریباً 20 فیصد زیادہ ہے۔ دیہی علاقوں میں اخراج سے بھرپور سرگرمیوں کو ماحول دوست اور خالص

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

شمالی وزیرستان، محب کونسل کا بہادر سپاہی نذر محمد کی عظیم شہادت کو سلام

کراچی (این این آئی) مرکزی مجلس عاملہ و اراکین مجلس محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان نے سیکورٹی فورسز کا افغانستان کی طرف سے شمالی وزیرستان میں دہشتگردوں کی فائرنگ کے بھرپور جواب اور فائرنگ کے تبادلے کے دوران بہادر سپاہی نذر محمد کی عظیم

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

صدر مملکت سے اعجاز الحق کی ملاقات، موجودہ سیاسی صورتحال اور سیلاب سمیت مختلف امور پر گفتگو

صدر مملکت ملک میں محاذ آرائی کے خاتمے اور سیاسی استحکام کے لئے اپنا کردار ادا کریں، اعجاز الحق

راولپنڈی (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے پاکستان مسلم لیگ (ض) کے سربراہ وسابق وفاقی وزیر محمد اعجاز الحق نے ملاقات کی، ایوان صدر میں ہونے والی ملاقات میں پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال اور سیلاب سمیت دیگر امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے متاثرین سیلاب کی بحالی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ سیلاب سے بہت زیادہ تباہی ونقصان ہوا، ملکی معیشت پہلے ہی تباہی سے دوچار

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

جیکب آباد میں ملیریا سے مزید 2 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں ملیریا سے مزید 2 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد میں ملیریا میں مبتلا ہو کر مزید 2 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ ہزاروں کی تعداد میں سیلاب وبارش متاثرین ملیریا میں مبتلا ہو کر اسپتالوں

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، غلام اظفر مہیسر

منشیات جیسی لت کو جڑ سے اکھاڑ کر معاشرے کو منشیات سے پاک ماحول فراہم کریں، ڈی آئی جی کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ڈی آئی جی کوئٹہ غلام اظفر مہیسر نے کہا ہے کہ سٹی نالے میں منشیات فروشوں اور عادی افراد کے خلاف کارروائی کو وسعت دے کر دیگر علاقوں میں بھی آپریشن کیا جائے گا تاکہ منشیات جیسی لت کو جڑ سے اکھاڑ کر معاشرے کو منشیات سے پاک ماحول فراہم کریں۔ آپریشن میں پکڑے گئے منشیات کے عادی افراد کی بحالی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے تاکہ وہ صحت مند ہو کر معاشرے کے لیے سود مند ثابت ہو سکے۔ یہ بات انہوں نے کوئٹہ کے تمام مراکز بحالی مریضان منشیات

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: صوبائی محتسب بلوچستان نذر محمد بلوچ سے میر حفیظ الرحمان بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

اسلامی نظریاتی کونسل کم عمری کی شادی کی روک تھام پر کام کر رہا ہے، علامہ طاہر اشرفی

اسلام تو جبری مذہب تبدیلی کے بھی خلاف ہے، اسلام نام ہی سلامتی کا ہے اور بچیوں کو اسلام میں تحفظ حاصل ہے

والدین پر ذمہ داری ہے کہ بچوں کو شادی کے حوالے آگاہی دیتے رہیں، وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے مذہبی ہم آہنگی

کراچی (این این آئی) وزیراعظم کے نمائندہ خصوصی برائے بین المذاہب ہم آہنگی علامہ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ اسلامی نظریاتی کونسل کم عمری کی شادی کی روک تھام پر کام کر رہا ہے۔ کم سنی کی شادی اور صحت کے مسائل سے متعلق قومی مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ کم سنی کی شادی سے بچے اور ماں کی صحت پر بھی اثر پڑتا ہے۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ لڑکی شادی کے بعد تین گھر دیکھتی ہے اور شادی کے حوالے سے اسلام نے بیٹیوں کو بھی حق دیا ہے، اسلام میں بھی عاقل اور بالغ کے لیے شادی کا ذکر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے لوگ [illegible] ہے کہ خاندان

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

پنجگور سندھے سر میں رہزنی کی واردات کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے دسویں جماعت کے طالب علم کو قتل کردیا

پنجگور (این این آئی) پنجگور سندھے سر میں رہزنی کی واردات کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کرکے دسویں جماعت کے طالب علم کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتول ولد پرویز گھر سے سکول جا رہے تھے کہ ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر ان سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت کرنے پر ڈاکوؤں نے ان پر فائرنگ کردیا جس سے وہ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

لاہور: پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان آل پاکستان وکلاء کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ
Daily SHAL
شال
کوئٹہ
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہشمند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین و خبریں۔ shalquetta@gmail.com

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

22 ستمبر 2022ء

سیلاب زدہ علاقوں میں بیماریاں پھیلنے سے مزید 6 افراد جاں بحق

سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں قائم کیے گئے طبی کیمپوں میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران مزید 78 ہزار سے زائد مریضوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، صوبے میں بیماریوں کے پھیلنے کا تشویشناک سلسلہ بھی بدستور جاری ہے، گیسٹرو اور دیگر بیماریوں سے مزید 6 افراد جاں بحق ہو گئے۔ صوبائی محکمہ صحت کے مطابق، 2 شہریوں کی موت گیسٹرو اینٹرائٹس سے ہوئی، 2 افراد پائریکسیا آف ان نان آرگن (ایسی حالت جس میں مریض درجہ حرارت کے ساتھ تین ہفتوں سے زیادہ کسی بیماری کا شکار رہے) کی وجہ سے جاں بحق ہوئے جب کہ ایک مریض مایوکارڈیل انفیکشن اور ایک شہری کارڈیو پلمونری اریسٹ کے باعث موت کی وادی میں گیا۔ لوگ اپنے آپ کو پانی سے بچانے کے لیے بلند سطح پر موجود سڑکوں کے کنارے سونے پر مجبور ہیں، وہاں صحت کا بحران سر اٹھا رہا ہے اور ہزاروں لوگ اب مختلف بیماریوں، خاص طور پر پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق صوبے میں بے گھر ہونے والے افراد میں سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈائریا کے 14 ہزار 619 کیسز، جلد سے متعلق بیماریوں کے 15 ہزار 227 کیسز، ملیریا کے 9 ہزار 201 مشتبہ ملیریا کے 665 تصدیق شدہ کیسز اور ڈینگی کے 11 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ اس کے علاوہ، دادو سول ہسپتال کے ڈاکٹر کریم میرانی نے ڈان ڈاٹ کام کو بتایا کہ سیلاب سے متاثرہ آبادی میں ملیریا اور گیسٹرو کی وبا پھیل چکی ہے۔ ڈاکٹر کریم میرانی نے کہا کہ ان بیماریوں میں مجموعی تقریباً 12 سو مریض اب تک ان کے ہسپتال میں داخل ہو چکے ہیں اور ہسپتال کی آؤٹ پیشنٹ ڈیپارٹمنٹ (او پی ڈی) میں روزانہ تقریباً 5 ہزار مریض رجوع کر رہے ہیں۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ یکم جولائی سے اب تک صوبے میں 20 لاکھ 70 ہزار سے زائد بے گھر افراد کا پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کے سلسلے میں علاج کیا جا چکا ہے جب کہ سیلاب کے باعث ایک ہزار 82 مراکز صحت کو نقصان پہنچا ہے۔ ملک بھر میں ہونے والی مون سون کی غیر معمولی ریکارڈ بارشوں اور شمالی علاقوں میں گلیشیر پگھلنے سے آنے والے سیلاب نے 14 جون سے اب تک سوا 3 کروڑ افراد کو متاثر کیا ہے۔ ملکی تاریخ کے بدترین تباہ کن سیلاب سے گھر، سڑکیں، پٹریاں، مویشی اور فصلیں بہہ گئیں جس کے نقصان کا تخمینہ 30 ارب ڈالر لگایا گیا ہے۔

گریز کے نوجوان انصاف کے منتظر

غلام اللہ کیانی

مقبوضہ کشمیر کی وادی گریز سے گلگت بلتستان کے علاقہ استور ہجرت کرنے والے دو کشمیری نوجوانوں فیروز احمد لون اور نور محمد وانی کو گلگت بلتستان کی عدالت کی طرف سے غیر ملکی قرار دے کر انہیں واپس مقبوضہ کشمیر بھیجنے کے فیصلے پر عوامی حلقے سخت ردعمل ظاہر کر رہے ہیں۔ یہ دونوں نوجوان 2018ء میں گریز سے استور میں داخل ہوئے۔ انہیں گرفتار کیا گیا۔ پہلے دونوں کو بھارتی جاسوس قرار دیا گیا۔ پھر عدالت نے انہیں بے گناہ قرار دے کر واپس بھیجنے کا فیصلہ سنا دیا۔

گریز مقبوضہ کشمیر کے ضلع بانڈی پورہ سے تقریباً 85 کلومیٹر کی دوری پر ہمالیہ کے عقب میں واقع ہے۔ دریائے کشن گنگا جسے آزاد کشمیر کے علاقہ تاؤبٹ سے خطے میں داخل ہونے پر دریائے نیلم کا نام دیا جاتا ہے، یہاں سے ہی بہتا ہے۔ گریز اصل میں تین علاقوں میں منقسم ہے۔ تاؤبٹ سے شاردا کا حصہ آزاد کشمیر میں شامل ہے۔ جو ضلع نیلم کا حصہ ہے۔ کمری سی منی مرگ تک کا علاقہ استور ضلع کا حصہ ہے جو گلگت بلتستان میں شامل ہے۔ تاؤبٹ سے جلیل تک کا علاقہ تحصیل گریز ہے جو مقبوضہ کشمیر کے ضلع بانڈی پورہ کا حصہ ہے۔ یوں گریز آزاد کشمیر، مقبوضہ کشمیر اور گلگت بلتستان میں منقسم ہے۔ یہاں تینوں خطوں کا سنگم ہے۔ گریز کے لوگ دردو کہلاتے ہیں۔ ان کی زبان "شینا" ہے۔ ان کا تعلق گلگت وادی کے ساتھ ہے۔ یہی ان کا قدرتی مسکن ہے۔ گریز کو شاہراہ ریشم کا گیٹ وے بھی کہا جاتا ہے۔ جو پورے خطے کو وسط ایشیا سے ملاتی ہے۔ منقسم کشمیر کی وجہ سے یہ مرکزی علاقے تھے جن کی تعمیر و ترقی منجمد ہو کر رہ گئی ہے۔ یہ اب سرحدی اور دور افتادہ خطے بن چکے ہیں۔ جب کہ دریائے نیلم کے آر پار کا خطہ کبھی دنیائے علم و ادب کا گہوارہ تھا۔ شاردی یونیورسٹی دنیا کی قدیم ترین یونیورسٹی یہاں ہی قائم تھی۔ جس کے کھنڈرات شان و عظمت رفتہ کی یاد دلاتے ہیں۔ 1947ء سے پہلے مقبوضہ کشمیر کے لوگ اسی گریز وادی کے راستے سے گلگت بلتستان، چین اور وسط ایشیا کے ساتھ تجارت کرتے تھے۔ دنیا کے بڑے تجارتی قافلوں کی یہ وادی راہ گزر تھی۔ مقبوضہ کشمیر کے یہ دو نوجوان بھی شائد ماضی کی یاد میں انسانوں کی جانب سے قائم نفرت کی دیوار کو عبور کرنے کی جسارت کر بیٹھے۔ یہ دیوار جنگ بندی لکیر کہلاتی ہے۔ اسے پاکستان اور بھارت کے درمیان مستقل سرحد بنانے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ یا اس دیوار کو عارضی اور جوں کی توں رکھنے کی بھی ضد کی جا رہی ہے تاکہ پاکستان اور بھارت کی فوج آمنے سامنے کھڑی رہے۔ ان دونوں کے درمیان جنگ جاری رہے یا جنگی حالات ہوں تا کہ دنیا کے اسلحہ خانے چلتے رہیں۔ دنیا کے جنگی ہتھیاروں کو زنگ نہ لگ جائے۔ دنیا کی ترقی کے لئے کشمیر کی قربانی دی جا رہی ہے۔ دو کشمیری نوجوانوں کو گلگت کی عدالت نے بھارتی شہری قرار دے دیا۔ ایک متنازعہ خطے کے مہاجرین کو گلگت بلتستان کی عدالت کس طرح بھارتی شہری قرار دے سکتی ہے۔ یہ عدالت کس کے احکامات پر ایسے فیصلہ صادر کرنے کی جرات کر سکتی ہے۔ گلگت بلتستان ابھی تک آغا خان کی ریاست نہیں نہ ہی یہ پاکستان کا صوبہ ہے۔ گلگت بلتستان ابھی بھی اقوام متحدہ کی دستاویزات میں منقسم ریاست جموں و کشمیر کا اٹوٹ انگ ہے۔ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق جموں و کشمیر و گلگت بلتستان کے مستقبل کا فیصلہ رائے شماری کے ذریعے ہونا ہے اور رائے شماری تک ان علاقوں میں بسنے والے تمام باشندے ہندوستان یا پاکستان کی بجائے متنازعہ خطے کے باشندے ہیں۔ ہندوستان اور پاکستان نے بھی یہ قراردادیں تسلیم کی ہوئی ہیں۔ قانونی طور پہ اس متنازعہ خطے کے باشندے جہاں چاہیں رہائش اختیار کر سکتے ہیں۔ 2018ء میں حد متارکہ عبور کر کے استور میں داخل ہونے والے مقبوضہ کشمیر کے رہائشی فیروز احمد لون اور نور محمد وانی کو گلگت بلتستان پولیس کی جانب سے بھارتی جاسوس قرار دے کر گرفتار کیا گیا۔ ان پہ تشدد کیا گیا۔ جون 2020ء میں ان نوجوانوں سے تشدد کے ذریعے اقرار کروایا گیا کہ وہ بھارتی جاسوس ہیں اور اس اقرار کی ویڈیو بھی جاری کی گئی۔ بعد ازاں انہیں گلگت کی مناور جیل میں بند کیا گیا۔ ان نوجوانوں کے وکیل ظفر اقبال کہتے ہیں کہ ان سے 40 بھارتی روپے، ایک موبائل فون اور ہائی سکول گریز کے سٹوڈنٹ کارڈ کے علاوہ کوئی چیز برآمد نہ ہوئی۔ اپریل 2022ء کو گلگت کی عدالت نے دونوں نوجوانوں کو بے گناہ قرار دیتے ہوئے انہیں رہا کر کے غیر ملکی باشندوں کی حیثیت سے واپس مقبوضہ کشمیر بھیجنے کا حکم نامہ جاری کر دیا۔ فیروز احمد لون اور نور محمد وانی نے درخواست کی کہ انہیں قابض ہندوستانی انتظامیہ کے حوالے نہ کیا جائے کیونکہ گلگت بلتستان پولیس کی جانب سے تشدد کے ذریعے بھارتی جاسوس ہونے کی اعترافی ویڈیو کی وجہ سے مقبوضہ کشمیر واپسی پر ایک بار پھر انہیں گرفتاری اور تشدد کے مراحل سے گزرنا پڑے گا۔ مقبوضہ کشمیر سے ہجرت کر کے آزاد خطے میں آنے والے جو لوگ واپس گئے انہیں وہاں سختیوں کا سامنا کرنا پڑا۔ کسی مہاجر کشمیری کو واپس بھیجنا اسے ہندوستانی مظالم میں جھونکنے کے مترادف ہو گا۔ گلگت کی عدالت سے "پشت بیک" فیصلے پہ نظرثانی کرنے کا صائب مشورہ دیا جا رہا ہے۔ کشمیری نوجوان جو ایک گھر سے دوسرے گھر میں آئے، انہیں غیر ملکی یا بھارتی شہری قرار نہ دیا جائے۔ ویسے بھی کوئی مسلمان پناہ لینے والے کو ظالم کے حوالے کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔ گلگت بلتستان کی عدالت نے پناہ گزینوں کو ظالم کفار کے حوالے کرنے کا فیصلہ کیسے کر لیا۔

☆☆☆☆☆

"یہ باتیں چھوٹی باتیں ہیں، یہ لوگوں نے پھیلائی ہیں" (آخری قسط)

نصرت جاوید

گھر تک محدود اور عملی صحافت سے عرصہ ہوا ریٹائر ہونے کی وجہ سے میں ابہام دور کرنے کو مجبور ہو گیا۔ مذکورہ انٹرویو مجھ سادہ لوح کو اس لئے بھی اہم محسوس ہوا کیونکہ عارف علوی صاحب سے قبل عمران خان صاحب نے کامران خان صاحب ہی کو ایک طویل ون آن ون انٹرویو بھی دیا تھا۔ میری دانست میں اس انٹرویو کا کلیدی پیغام یہ تھا کہ اگر نئے انتخاب کی تاریخ کا اعلان کر دیا جائے تو عمران خان صاحب موجودہ آرمی چیف کے مزید کچھ عرصے تک اسی عہدے پر براجمان رہنے پر معترض نہیں ہوں گے۔ ویسے بھی ان کا بنیادی مطالبہ یہ ہے کہ صاف ستھرے انتخاب کے ذریعے منتخب ہوا وزیر اعظم ہی نئے آرمی چیف کی تعیناتی کا اعلان کرے۔ یہ "فراخ دلی" دکھاتے ہوئے تحریک انصاف کے قائد کو اگرچہ یہ یقین بھی ہے کہ نئے انتخاب کے بعد وہ دو تہائی اکثریت نہ سہی تب بھی بھاری بھر کم اکثریت کے ساتھ اقتدار میں لوٹ آئیں گے۔ بقول منیر نیازی "جمال ابر و باراں" میں ہوئی مبینہ یا حقیقی ملاقاتوں کے بعد شہباز حکومت کے چل چلاؤ کی فضا استوار ہونا قطعی منطقی تھا۔ یہ بات چل نکلی تو عوام میں بے تحاشہ مقبول اور متحرک صحافیوں کا ایک اور گروہ نہایت اعتماد اور شدت سے اصرار کرنا شروع ہو گیا کہ "ملاقاتوں" کی ....باتیں جھوٹی ہیں۔ یہ لوگوں نے پھیلائی ہیں"۔ عمران خان صاحب اور ان کے حامیوں کی "خواہش کو خبر" بنا کر پھیلایا جا رہا ہے۔ "مبینہ ملاقاتوں" کی وجہ سے تحریک انصاف کے قائد مطمئن ہو گئے ہوتے تو رواں مہینے کے اواخر میں اسلام آباد ایک لشکر سمیت آ کر نئے انتخاب کے حصول کے لئے دھرنے کی تیاری نہ کر رہے ہوتے۔ یہ دعویٰ بھی مجھ "بے خبر" کو معقول سنائی دے رہا ہے۔ "اصل خبر کیا ہے"؟ یہ معلوم کرنے کی مجھ میں ہمت ہی باقی نہیں رہی۔ گزشتہ چار دنوں سے دیوانوں کی طرح پیناڈول نامی گولی کے پتے ڈھونڈ رہا ہوں جو مارکیٹ میں نایاب ہو چکے ہیں۔

مدارس و مساجد کے بجلی بلز پر ازخود نوٹس

عبدالقدوس

پاکستان کا مطلب کیا، لا الہ الا اللہ کے نعرے پر حاصل کیے گئے ملک میں یہ دن بھی آنا تھا کہ مسجدوں اور مدرسوں کے بجلی کنکشن کٹ جانے کی وجہ سے وضو کیلئے پانی دستیاب نہ ہو، یا نماز پنجگانہ کی ادائیگی بغیر پنکھے چلائے کرنی پڑے، ناقابل برداشت بجلی بلز ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے پانچ وقت کی اذان دینے کیلئے بیٹری کا انتظام کر لیا جائے اور اذان کے ساتھ ہی یہ اعلانات شروع ہو جائیں کہ براہ کرم وضو گھر سے کر کے آئیں، بل ادا نہ کر سکنے کی وجہ سے مسجد کی بجلی کٹی ہوئی ہے مدارس کی صورتحال اس سے بھی زیادہ تشویشناک ہو جائے اور قرآن و حدیث کی کلاسز کمروں کی بجائے باہر درختوں کے نیچے لگائی جائیں، واش روم اور وضو کے پانی کیلئے کمسن طلبہ و طالبات کو باری باری نلکا (ہینڈ پمپ) چلانا پڑے، نماز جمعہ کے اجتماعات کیلئے جنریٹر کا انتظام کرنا پڑے، رات کو پنکھے نہ چلنے کی وجہ سے طلبہ اور اساتذہ کو مچھر کاٹیں۔

بجلی جس تیزی سے مہنگی ہوئی ہے اور مزید مہنگی ہوتی جا رہی ہے، مدارس و مساجد میں یہ مناظر شروع ہو چکے ہیں یا شروع ہونے والے ہیں کیونکہ زیادہ تر منتظمین بجلی بل ادا نہیں کر پا رہے کیا اب بھی وہ وقت نہیں آیا کہ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال صاحب مسجدوں اور مدرسوں کے بجلی بلوں کے ایشو پر ازخود نوٹس لیں؟ ملک کے 22 کروڑ عوام کے حصے کا کام تین صوبوں کے سنگم کے ضلع رحیم یار خان کے آئمہ کرام اور منتظمین مدارس نے کیا ہے اور ہم سب کے اس اجتماعی ایشو پر ایک قرارداد منظور کر کے خداوندان ریاست و حکومت کو بھجوائی ہے، قرارداد کا عنوان ہے "مدارس و مساجد کے ناقابل برداشت بجلی بلز کا سنگین ہوتا ایشو اور اس حوالے سے کم از کم فلیٹ ریٹ مقرر کرنے کا مطالبہ" یہ قرارداد ڈاکٹر محمد عارف علوی صدر پاکستان، میاں محمد شہباز شریف وزیر اعظم پاکستان، جناب عمر عطا بندیال چیف جسٹس آف پاکستان، میاں محمد نواز شریف سابق وزیر اعظم پاکستان، آصف علی زرداری سابق صدر پاکستان، مولانا فضل الرحمان مرکزی صدر پی ڈی ایم، اویس نورانی مرکزی صدر جے یو پی نورانی، پروفیسر ساجد میر مرکزی صدر جمعیت اہلحدیث پاکستان، سراج الحق مرکزی امیر جماعت اسلامی پاکستان، سید ساجد نقوی مرکزی امیر اسلامی تحریک شیعہ علما کونسل، راجہ ناصر عباس مرکزی صدر مجلس وحدت المسلمین پاکستان، ڈاکٹر محمد طاہر القادری مرکزی سرپرست اعلیٰ تحریک منہاج القرآن پاکستان اور مرکزی قائدین وفاق ہائے المدارس دینیہ پاکستان کو بھجوائی گئی ہے، قرارداد کا متن یہ ہے "ہم آپ کی توجہ بجلی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے دینی مدارس اور مساجد پر پڑنے والے ناقابل برداشت مالی بوجھ کی طرف دلانا چاہتے ہیں......استدعا ہے کہ اس سلسلے میں فوری ایکشن لیا جائے اور نہ صرف پچھلے دو تین ماہ کے ناقابل برداشت بجلی بلز میں شامل بے پناہ ٹیکسز، فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز اور دیگر سرچارج منہا کر کے ان بلز کی ری ایڈجسٹمنٹ کی جائے بلکہ آئندہ کیلئے کم از کم یونٹ والے ریٹ کے مساوی مساجد و مدارس کا فلیٹ ریٹ مقرر کیا جائے۔" عرض ہے کہ مدارس و مساجد دینی فلاحی ادارے ہیں اور عوام کی طرف سے دیے جانے والے عطیات، عشر و زکوٰۃ، صدقات اور دیگر امدادی رقوم کے ذریعے بمشکل اپنے اخراجات پورے کرتے ہیں، دنیا بھر میں مذہبی اور فلاحی اداروں کو نہ صرف ہر قسم کے ٹیکسز سے استثنا حاصل ہے بلکہ ان کے بجلی کے بلز یا تو معاف ہیں یا پھر ان میں خصوصی رعایت دی جاتی ہے۔ حکومت خود بار بار کہہ چکی ہے کہ مدارس و مساجد ایسی این جی اوز ہیں کہ جنہوں نے لاکھوں افراد کی تعلیم اور کفالت کا بوجھ اٹھا رکھا ہے" اس لئے آئے روز مہنگی ہونے والی بجلی کے بلز کے ناقابل برداشت ٹیکسز، فیول ایڈجسٹمنٹ چارجز اور دیگر سرچارج ان سے وصول کرنا (جاری ہے)

جہانگیر ترین، چودھری محمد سرور اور علیم خان کو یاد رکھیں!!!!!

محمد اکرم چوہدری

عوامی اور سیاسی سطح پر یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ گذشتہ چند ماہ میں رونما ہونے والے سیاسی واقعات کے بعد جہانگیر خان ترین، چوہدری محمد سرور اور علیم خان کی سیاست ختم ہو چکی ہے۔ جہانگیر ترین پر پی ٹی آئی کے دور حکومت میں مقدمات قائم کیے گئے وہ عدالتوں کا سامنا کرتے رہے، جہانگیر ترین کے ساتھیوں نے ان کا بھرپور ساتھ دیا وہ عدالتوں میں پیشی کے موقع پر ان کے ساتھ ہوتے اور بہت سخت الفاظ میں رد عمل بھی دیتے رہے یاد رکھیے یہ مشکل وقت کے ساتھی تھے ایک طرح سے انہوں نے حکومت وقت کے فیصلوں کی مخالفت کرتے ہوئے اپنے سیاسی ساتھی، سیاسی دوست اور کسی حد تک سیاسی رہنما کے ساتھ کھڑے رہے۔ ان دنوں جہانگیر ترین سیاسی تصاویر میں کم ہی نظر آتے ہیں لیکن یاد رکھیں ان کی سیاسی اننگز دوبارہ شروع ہوتی ہے۔ جے کے ٹی کا کام ایک ہو گا، ان کی واپسی طے شدہ ہے۔ وہ نا صرف سیاسی کھیل میں دوبارہ نظر آئیں گے بلکہ بہت متحرک اور بہت بااثر، طاقتور سیاست دان کے روپ میں نظر آئیں گے۔ جو لوگ یہ سمجھ رہے ہیں کہ ملک میں "اسٹیبلشمنٹ" کی سیاست ختم ہو چکی ہے وہ غلطی پر ہیں۔ اس ملک کی سیاست میں اسٹیبلشمنٹ کا کردار ختم نہیں ہو سکتا ہاں البتہ یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ لاہور، کراچی اور چند بڑے شہروں کے کچھ حلقوں سے روایتی اور ہمیشہ جیتنے والے سیاستدانوں کا کیریئر خطرات سے دوچار ضرور ہو گا لیکن ملک کے اسی فیصد علاقے پر جہاں کے سیاستدان حکومتیں بنانے اور گرانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں وہاں ان کی سیاست کا زور پہلے بھی تھا آج بھی ہے اور آئندہ بھی نظر آئے گا۔ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ انیس سو پچاسی سے دو ہزار بائیس یا چھبیس تک جو لوگ ملکی سیاست میں اہم کردار ادا کرتے رہے ان کا وقت کردار مرحلہ وار ختم ہو رہا ہے۔ کچھ ایسے ہیں جن کا اب کوئی سیاسی مستقبل نہیں کچھ ایسے ہوں گے جو مستقبل قریب میں منظر نامے سے غائب ہو جائیں گے۔

یہ بات طے ہے کہ مستقبل کی سیاست میں جہانگیر ترین کے ساتھ ساتھ چوہدری محمد سرور اور عبدالعلیم خان بھی بہت اہم کردار ادا کریں گے۔ مستقبل قریب میں ایک وقت ایسا ضرور آئے گا جب یہ تینوں شخصیات بڑے فیصلوں میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے نظر آئیں گی۔ عبدالعلیم خان اور سابق گورنر چوہدری محمد سرور کو پاکستان تحریک انصاف کے دور اقتدار میں دیوار سے لگانے کی بہت کوششیں ہوتی رہیں اور پی ٹی آئی کے ساتھ ان دونوں کے سیاسی سفر کا اختتام اچھا نہیں ہوا لیکن اس کے باوجود ان کا سیاسی مستقبل روشن ہے اور یہ ماضی سے زیادہ طاقتور، متحرک اور بااثر سیاست دان کے طور پر ضرور نظر آئیں گے۔ ان کا اپنا کیریئر کیا ہوتا ہے اس بارے کچھ کہنا قبل از وقت ہے لیکن یہ دو ہزار سولہ، دو ہزار اٹھارہ کے دوران ہونے والی سیاست سے زیادہ تیزی کے ساتھ کام کریں گے۔ پاکستان میں سیاست کے دو رخ ہیں ایک رخ میاں نواز شریف، میاں شہباز شریف، مریم نواز اور عمران خان ہیں۔ دوسرے رخ میں آج صرف تین نام پیش کر رہا ہوں۔ گوکہ میرے علم میں وہ تمام نام ہیں جنہیں ان دنوں زیادہ اہمیت نہیں دی جا رہی لیکن آنے والے دنوں میں وہ نمایاں کردار اور فیصلہ سازی میں اہمیت حاصل کرتے ہوئے نظر آئیں گے۔ پس پردہ ان سب چیزوں پر کام ہو رہا ہے۔ نامی گرامی سیاست دانوں کے سیاسی کیریئر اختتام کی طرف بڑھ رہے ہیں اور اس حوالے سے ایسے حالات بن چکے ہیں کہ لوگ ان کی طرف دیکھنا بھی پسند نہیں کرتے۔ گوکہ ایک عام پاکستانی ان حالات کو سمجھنے سے قاصر ہے لیکن یاد رکھیے حالات اسی طرف بڑھ رہے ہیں۔

دو ہزار کی دہائی کے اوائل میں ایک ادارے نے شعور اور آگاہی کے نام پر ایک مہم شروع کی اور لوگوں کے ذہن بنانے میں اہم کردار ادا کیا وہ مہم اپنا اثر آج بھی دکھا رہی ہے اور یہ پاکستان کی بڑی بدقسمتی ہے کہ ملک کی آبادی کا بڑا حصہ آج اپنے ذہن سے سوچنے کے بجائے ذہن سازی کے کاریگروں کا غلام بنا ہوا ہے۔ لوگ اپنی سوچ کے بجائے کسی کے قائم کردہ بیانیے کو زیادہ بہتر خیال کرتے ہوئے اس کی طرف دوڑے چلے جاتے ہیں۔ وہ ذہن سازی ہے کاریگر ہر تین منٹ کے بعد ایک پیغام جاری کرتے تھے کہ فلاں کا یہ حق، فلاں کا یہ حق، فلاں کے ساتھ ناانصافی، فلاں کو دبا دیا، فلاں کو دیوار سے لگا دیا گیا، فلاں کا استحصال کر دیا گیا، فلاں کسی کا حق کھا گیا قارئین کرام آج بھی ایسے ہی کاریگروں کے عروج کا زمانہ ہے، یہ کھیل پھر سے عروج پر ہے غور کیجیے کون کیا کر رہا ہے۔

جہاں تک تعلق سیاسی کھلاڑیوں کا ہے اس سامنے رکھتے ہوئے بین الاقوامی کھلاڑیوں کے کردار پر بھی گہری نگاہ رکھنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان میں اتنی بڑی آفت ہے، سیلاب نے نظام زندگی کو معطل کر دیا ہے کہاں ہیں وہ ہمارے علاقائی دوست جن کے ساتھ ہم مضبوط تعلقات کے خواہاں رہتے ہیں۔ چین پاکستان کی مدد کر رہا ہے لیکن دیگر ممالک اس مشکل گھڑی میں کہاں ہیں۔ میں امریکہ اور یورپ کا بہت بڑا حامی تو نہیں ہوں لیکن یہ بھی دیکھنا چاہیے کہ مشکل وقت میں کون پاکستان کا ساتھ دیتا ہے، کون ہے جو پاکستانیوں کے مسائل حل کرنے میں دلچسپی کا اظہار کرتا ہے۔

جہانگیر ترین، چوہدری محمد سرور اور عبدالعلیم خان یہ صرف کامیاب سیاست دان ہی نہیں بلکہ بہت بڑے سماجی کارکن بھی ہیں۔ مختلف اداروں کے ذریعے دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں، تعمیر کی صلاحیت رکھتے ہیں، ملک کی اصل طاقت زراعت کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے، کاروباری مراکز کو بڑھانے اور ملک میں رواداری کی سیاست کو عام کرنے کی اہلیت بھی رکھتے ہیں۔ دور جدید کی ضروریات کو سمجھتے ہیں ملک کو مختلف شعبوں میں ترقی یافتہ ممالک کے ہم پلہ بنانے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ اپنے لوگوں کی صلاحیتوں میں اضافے اور بہترین دماغوں کو ملک کے لیے خدمات انجام دینے کے قابل بنا سکتے ہیں۔ اس لیے یہ نام یاد رکھیں۔

شکریہ نوائے وقت

قتل گل، مرگ گل

عبداللہ طارق سہیل

ماں باپ کے ہاتھوں لخت جگر کا قتل بہت ناقابل تصور، ناقابل برداشت معاملہ سہی لیکن انہونا نہیں۔ انہونی یہ ہے کہ کبھی کبھار دل چیر دینے والے واقعات اب کثرت سے ہونے لگے ہیں بلکہ "روزمرہ" بن گئے ہیں۔ بہت پہلے سال دو سال بعد ایسی خبر آ جاتی تھی اور لوگ مدتوں تبصرے کرتے تھے کہ باپ تھا یا شیطان، ماں تھی یا ڈائن۔ اعداد و شمار نکال کر دیکھیں، ایسے واقعات میں تیزی پرویز مشرف کے دور میں آئی اور یہ دن بدن بڑھتی خودکشیوں کے شانہ بشانہ تھی۔ مشرف کے بعد کے آٹھ دس برس کچھ ٹھہراؤ کے تھے لیکن یہ ٹھہراؤ جب تبدیلی کی نذر ہوا تو ان میں ناقابل یقین حد تک اضافہ ہو گیا۔

کراچی کے اورنگی ٹاؤن میں نذیر خاں نامی ایک شیطان نے اپنے بارہ سالہ بچے شہیر کو مٹی کا تیل چھڑک کر آگ لگا دی۔ بظاہر غصہ اس بات پر تھا کہ وہ منع کرنے کے باوجود پتنگ اڑانے کی اجازت مانگے چلا جا رہا تھا۔ بچہ بری طرح جھلس گیا اور دو روز بعد ہسپتال میں انتقال کر گیا۔ قاتل جنونی اور وحشی ہے لیکن اس نے یہ عذر بھی کیا کہ مہنگائی سے پریشان تھا اس لیے غصہ زیادہ آ گیا۔ اسی ہفتے کے کچھ اور ایسے واقعات کی خبریں بھی چھپی ہیں۔ گوجرہ میں معمولی سی بات پر مشتعل ہو کر ایک شخص عابد نے اپنی 2 سالہ بچی عروج فاطمہ کو نہر میں ڈبو کر مار ڈالا۔ اس کی خبر اخبارات کے اندرونی صفحات میں دب کر رہ گئی۔ اب تو نیٹ پر پچھلے اخبارات دیکھے جا سکتے ہیں۔ آپ انہیں کھنگالئے، ہر دوسرے روز ایسی کوئی نہ کوئی خبر ملے گی۔ ذرا سے اشتعال پر زیادہ تر باپ اور کبھی کبھار ماں کے ہاتھوں بے بس بچے موت کے گھاٹ اتارے جا رہے ہیں۔ ساتھ ہی سکولوں اور مدرسوں کے اساتذہ کے ہاتھوں شدید تشدد کے نتیجے میں بچوں کی اموات کی خبریں بھی آ رہی ہیں۔ کہیں کروڑوں اربوں پتی خاندانوں کے ہاں ملازم بچے اور بچیاں روٹی کا ٹکڑا چرانے کے ناقابل معافی جرم پر "ہلاک" کی جا رہی ہیں۔ اغوا برائے تاوان یا اغوا برائے انتقام کے بعد بچوں کی نعشیں برآمد ہونے میں پختونخوا سب سے آگے ہے۔ زیادتی کے بعد قتل کرنا تو قاتلوں کا معمول ہے ہی۔

ملک میں یہ زہر باد کے جھکڑ کہاں سے آئے ہیں جو لوگوں کو وحشی اور دیوانہ بنا رہے ہیں۔ معمول کا انسان تو بچے کو تھپڑ مارتے ہوئے بھی کانپ جاتا ہے۔ ان لوگوں کی تعداد کیوں اتنی بڑھ گئی جن کے دماغوں میں شیطانوں نے گھر بنا لیا اور انہیں عفریت بنا ڈالا۔

حالیہ سیلاب میں بھی سب سے زیادہ مرنے والے بچے ہیں۔ طغیانیاں ماؤں کے ہاتھوں سے بچوں کو چھین کر بہا لے گئیں، اکثر کی تو نعشیں بھی نہ ملیں۔

اسی عرصے میں....غربت کی وجہ سے ماؤں کے ہاتھوں بچوں کا اجتماعی قتل بھی بڑھ گیا ہے۔ ہر دوسرے تیسرے روز یہ خبر آتی ہے کہ غربت کے ہاتھوں تنگ عورت اپنے چار بچوں کے ساتھ نہر یا کنویں میں کود گئی۔ ایک کو بچا لیا گیا، تین کی نعشیں مل گئیں۔ اللہ اکبر، ایسے واقعات پر دنیا کے دوسرے ملکوں کا ریاستی ڈھانچہ کانپ جاتا ہے۔ ہم شاید کسی اور دنیا میں ہیں۔ یہاں ریاستی ڈھانچہ ایسی خبریں چھاپنے والے اخبارات کو قیمتی جگہ ضائع کرنے کا مجرم تصور کرتا ہے۔ یہاں کوئی کام کی خبر چھاپنی چاہیے تھی، یہ کیا چھاپ دیا۔ ٹی وی چینلز، کوئی مانے یا نہ مانے، انسانی ہمدردی کے تحت ایسی خبریں نشر نہیں کرتے بلکہ ان کے سامنے اپنے چینل کی ریٹنگ کا سوال ہوتا ہے۔ اور یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ ریٹنگ تو بڑھتی ہے۔ ایسی اجتماعی خودکشیوں بلکہ ماؤں کے ہاتھوں بچوں کے ایسے اجتماعی قتل پچھلے پانچ سال کے دوران کتنی تعداد میں ہوئے؟۔ کوئی رپورٹ یہ واقعات اکٹھا کر کے چھاپے تو پڑھنے والوں کو یقین نہ آئے۔

بچے اور عورتیں بالعموم ساری دنیا میں اور بالخصوص ہماری زمین پر سب سے زیادہ مظلوم طبقہ ہیں۔ باقی دنیا میں ریاست ہوتی ہے جو حرکت میں بھی آ جاتی ہے۔ ہمارے ہاں جو شے ہے ہی نہیں، اس سے حرکت کی اپیل یا توقع کرنا حماقت ہے اور کچھ نہیں۔ یہاں تو "دانشور طبقہ" بھی ایسی خبروں پر بحث نہیں کرتا۔ کوئی این جی او بھی بیان جاری نہیں کرتی، کوئی عالم دین بھی اللہ کے عتاب سے نہیں ڈراتا۔ کسی سیاسی جماعت کے ایجنڈے میں بھی اس "ایشو" کے لیے کوئی جگہ نہیں۔

باقی دنیا میں بچے جنگوں میں بھی مر رہے ہیں۔ تنہا شام میں دس لاکھ افراد قتل کیے گئے جن میں چار لاکھ بچے تھے۔ یوکرائن سے میانمار تک بچوں پر آفت آئی ہوئی ہے۔ ٹائن نے سب سنسار کے دکھیا ہونے کی بات کی تھی لیکن حل نہیں بتایا تھا، امید بھی نہیں دلائی تھی۔ ایسے ہی ایک بات مانی فلاسفر کی یاد آ گئی۔ ناممکن العمل اور خلاف عقل۔ پھر بھی اس میں کچھ نہ کچھ وزن، از راہ "ری ایکشن" ہی سہی، لگتا ہے، اس ایرانی فلسفی شاعر نے دو ہزار سال قبل دکھوں کا ایک مستقل، حتمی اور شافی حل یہ بتایا تھا کہ سب لوگ، سب مرد، سب عورتیں، مجرد ہو جائیں اور بیابانوں میں گوشہ نشین ہو جائیں۔ جو پیدا ہو چکے، کافی ہیں، مزید پیدا نہ ہوں۔ نسل انسانی اس کے بعد، نتیجے کے طور پر نابود اور دکھ بھی ساتھ ہی ختم ہو جائیں گے۔ مانی نے ایک اور بات بھی کی تھی۔ کوئی انسان کسی جانور کو نہ مارے نہ گوشت کھائے، دکھ ختم نہیں، کم ہو جائیں گے۔ یعنی یہ کہ جو معاشرے جانوروں پر رحم نہیں کرتے، ان پر رحم نہیں کیا جاتا۔

مانی نے پیغمبر ہونے کا دعویٰ بھی کیا۔ آج ایران و عراق میں اس کے مذہب کا کوئی پیروکار نہیں لیکن حیرت کی بات ہے، وسط ایشیا سے ہوتے ہوئے اس کے کچھ پیروکار چین چلے گئے اور آج بھی اس کے پیروکار وہاں کم تعداد میں ہی سہی لیکن موجود ہیں۔

غربت کی موجودہ سطح جس نے لوگوں کے ذہن اور دماغ شل کر کے قتل ہائے عام کا رستہ کھول دیا ہے، عمران خان کے دور حکومت کی دین ہے، معیشت کے خرمن کو یہ آگ اسی دور حکومت میں لگی۔ اتحادی حکومت یہ آگ بجھانے کے وعدے پر آئی تھی لیکن بدقسمتی ہے کہ آگ پھیلتی جا رہی ہے، شعلوں نے ہر گھر کو تنور بنا دیا۔ کبھی دل میں خیال آتا ہے مفتاح اسمٰعیل عمران کے دور میں وزیر کیوں نہ بن گئے؟ تاکہ آج کوئی اور وزیر ہوتا؟

شکریہ نوائے وقت

بلی تھیلے سے باہر آ گئی

طیبہ ضیاء

میٹنگز میں کچھ جلسوں میں کچھ، یہ انداز بیان دماغ پر گہری چوٹ لگنے کی علامت ہے۔ دوسری باری لینے کے لیے دھمکیاں دیں، امریکیوں سے سفارش کرائی، فالوئنگ اور مقبولیت سے ڈرایا، بات نہ بنی تو ترلے منت پر اتر آیا پھر بھی دال نہ گلی تو اب بلی مکمل کر تھیلے سے باہر آ گئی۔ مسٹر ایکس اور مسٹر وائے کا نام لینے کی ہمت نہیں مسٹر خطرناک میں۔ سوشل میڈیا نے دنیا بھر میں پاکستانیوں کو ڈپریشن اور اضطراب کا شکار کر دیا ہے۔ میڈیا نہ دیکھیں تو چین نہیں اور دیکھ لیں تو بے سکونی میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ان حالات سے صرف حساس لوگ ہی متاثر ہوتے ہیں ورنہ پاکستان میں انتقام کی سیاست نے لوگوں کو بے رحم بنا دیا ہے۔ دل دکھانا تو بے معنی ہے، اب تو دل چیرنے سے کم کارروائی نہیں ہو رہی۔ عمران خان نے بہت سال پہلے کہا تھا کہ الیکشن میں کامیابی کے لیے پنجاب سے کامیاب ہونا شرط ہے اور پنجاب سے اس وقت تک کامیابی ممکن نہیں جب تک میاں نواز شریف کا ووٹ نہ توڑا جائے۔ یہ بات کسی احمق کو بھی سمجھ آ جاتی ہے کہ نواز شریف کا ووٹ کا بینک توڑنے کے لیے اس کے خلاف نفرت انگیز مہم چلانا لازمی تھا۔

عمران خان سے جب کہا گیا کہ آپ کی توپوں کا رخ آصف علی زرداری کی بجائے نواز شریف کی طرف ہی کیوں رہتا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ نواز شریف زرداری سے بھی زیادہ کرپٹ ہیں۔ خان سے جب کہا گیا کہ یہ نفرت نواز شریف کے حق میں بھی جا سکتی ہے تو انہوں نے قہقہہ لگاتے ہوئے کہا کہ جو عوام میری ایک کال پر چندہ دیتے ہیں وہ میری اس بات پر بھی یقین کریں گے۔ تحریک انصاف کے اکثر لوگ ہم سے سوال کرتے ہیں کہ آپ نے شروع میں عمران خان کو سپورٹ کیا پھر آپ ان کے خلاف لکھنے لگیں؟ تو اس کا سادہ سا جواب ہے کہ میں عمران خان کے خلاف نہیں بلکہ ان کی ہمدردی میں لکھتی ہوں۔ میں اس کی خیرخواہ ہوں۔ یہ شخص ہائی جیک ہو چکا ہے اور اس کے یاری اس کے قاتل ہوں گے۔ میں کسی سیاستدان کی فین نہیں رہی البتہ شوکت خانم میموریل ہسپتال کی وجہ سے ہم نے اکٹھا وقت گزارا اور اس شخص کے جذبے کو خراج تحسین پیش کیا کرتی تھی۔ امریکہ میں بھی کینسر ہسپتال کے لیے فنڈ ریزنگ میں حصہ لیتی رہی ہوں اور آج بھی اس رفاہی کام میں ہمارے جذبات سرگرم ہیں مگر ضروری نہیں کہ عمران خان اور ایدھی اچھے سیاستدان بھی ہو سکتے تھے۔ خان کی ملک کے لیے رفاہی خدمات کو سیاست سے الگ رکھا جائے کہ عمران خان واحد خدمت گزار نہیں، بشمول ہمارے اندرون و بیرون ملک لاکھوں پاکستانی اپنی حیثیت کے مطابق خدمت خلق اور رفاہی خدمات میں مصروف ہیں۔ ہمیں پاکستان میں تیسری سیاسی پارٹی کے ابھرنے کی خوشی ہوئی کہ دونوں بڑی پارٹیوں کا غرور ٹوٹ سکے گا مگر خان تو ان سب سے زیادہ مغرور ثابت ہوا۔ انہوں نے سمجھ لیا کہ 22 کروڑ عوام کے وہ واحد لیڈر ہیں اور باقی سب چور ہیں حتیٰ کہ موصوف نے کسی ادارے کو نہیں بخشا۔ عمران خان کی سیاست کو بھی نظر انداز کر دیا جائے مگر ایک ایسے انسان کو کیوں کر نظر انداز کیا جا سکتا ہے جو ہر شخص کو گندا کرے، الزامات کی بوچھاڑ کرے، نازیبا لب و لہجہ استعمال کرے مگر اس کا اپنا کردار شرمناک ہو، اس میں اتنی اخلاقی جرات نہ ہو کہ اپنی بیٹی کا الیکشن کمیشن میں ہی اعتراف کر سکیں۔

اس دنیا میں کوئی انسان پاک نہیں مگر دوسروں کو گندا کرنے سے پہلے اپنا ماضی فراموش نہیں کرنا چاہیے۔ غیرت مند باپ اپنی غلطیوں اور گناہوں کو 'ذاتی معاملات' کہہ کر میڈیا کو خاموش کرا دیتا ہے اور باقی جس شخص کی چاہے سرعام پگڑیاں اچھال دے۔ منافقانہ اور دوغلی شخصیت ایک نہ ایک دن بے نقاب ہو کر رہتی ہے۔ 2013ء کے عام انتخابات سے پہلے متعدد دیہاتوں کی اکثریت 'شیر' پر ٹھپا لگانے کا عندیہ دے رہی تھی۔ جب عمران خان کی حمایت پر بات ہوئی تو دیہی علاقوں کی اکثریت نے اس رائے کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا کہ 'عمران خان جذباتی، غیر مستقل مزاج، متکبر اور ناتجربہ کار ہیں، ان کی باتیں اچھی ہیں مگر تقریروں کی بنیاد پر ووٹ نہیں دیا جا سکتا'۔

ہم میڈیا پر دیکھتے تو پی ٹی آئی کی تقریروں سے لگتا کہ عمران خان ہی مستقبل کے وزیراعظم ہوں گے جبکہ پنجاب کے دیہی علاقوں میں صورتحال مختلف تھی۔ میڈیا پروپیگنڈا اور زمینی حقائق میں تضاد نے شہری آبادی کو کنفیوز کر دیا۔ ہمارے لاہور ڈیفنس کے علاقے سے عمران خان کو کافی ووٹ ملے مگر دیگر پنجاب کا تجربہ یکسر مختلف تھا۔ الیکشن سے پہلے وائس آف امریکہ نے ہم سے یہی سوال پوچھا اور ہم نے اپنا تجربہ گوش گزار کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان اچھی تعداد میں ووٹ لے جائیں گے مگر وزارت عظمیٰ نواز شریف کو ملنے کا امکان ہے۔ اس ماحول میں جبکہ عمران خان ہسپتال کے بستر پر پڑے تھے یہ تجزیہ مذاق معلوم ہو رہا تھا۔ الیکشن میں دھاندلی ہوئی مگر اسے ایک کرپٹ ریاست کی پرانی روایت کے طور پر لیا گیا۔ عمران خان نے اسے 'بدترین دھاندلی' اس لیے قرار دیا کہ انہیں مشیران نے وزارت عظمیٰ کا یقین دلا دیا تھا۔

طاہر القادری سے بڑا 'وی آئی پی کلچر' کا مریض ہم نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا۔ اس کے مرید غربت کے ہاتھوں سوکھی مٹی چاٹنے پر مجبور ہیں اور یہ شخص اور اس کا خاندان انگریزوں کی غلامی کی اجرت پر وی آئی پی لائف سٹائل انجوائے کر رہا ہے۔ خان اور قادری نے ڈی چوک میں ڈرامہ رچایا۔ ایک منتخب وزیراعظم نواز شریف کو نکالنے پر جشن منایا۔ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کے 'کارناموں' پر حیرانی نہیں ہوتی دکھ عمران خان کی اصلیت دیکھ کر ہوا۔ آکسفرڈ سے پڑھ کر بازاری زبان استعمال کر رہے ہیں اور ان کی بے لگام یوتھ اس قدر شرمناک زبان اور حرکات کر رہی ہے کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) پچاس بار بھی جنم لے تو تحریک انصاف کی 'اخلاقیات' تک نہیں پہنچ سکتی۔ کبھی کسی جماعت کے کارکن کی جانب سے ایسا ماحول دیکھنے کو نہیں ملا جو نام نہاد یوتھ کے اوباشوں نے اختیار کر رکھا ہے۔ خواتین کی عزت بھی بھول چکے ہیں۔ ہمیں عمران خان کی سیاست سے نہیں، اس کی زندگی سے غرض ہے۔ اس کے آستین کے سانپ گھر والے ہی اس کے قاتل ہوں گے اور جرم اپوزیشن پر ڈال دیا جائے گا۔ عمران خان کو بھاری سکیورٹی اس کی زندگی بچانے کے لیے دی گئی ہے کہ کوئی اس کو مار کر ہیرو نہیں بنانا چاہتا۔ پہلے پھانسی ہوئی، جلا وطنی ہوئی مگر اب یہ کلچر بدل چکا ہے اور عمران خان کو کھلا چھوڑ دیا گیا ہے تاکہ بول بول کے ہف کے ڈھے جائے۔

شکریہ نوائے وقت

الخدمت فاؤنڈیشن سے ابوالاعلیٰ مودودی اور میاں محمد طفیل تک

محی الدین بن احمد دین

بھرپور عہد فتن و تلاطم، یعنی عہد ابتلا و جنگ و جدل ہمیں درپیش ہے موضوع ہے۔ حال ہی میں، میں نے چوتھی صدی ہجری کے احمد بن جعفر جو "ابن المنادی" کے نام سے شہرت رکھتے تھے کی کتاب "الملاحم" کا اردو ترجمہ جسے فیصل آباد مدینہ ٹاؤن کے دار التحقیق، مجلس تحفظ سنت پاکستان نے کیا ہے پڑھ رہا ہوں، دلچسپ موضوع ہے مگر عوامی نہیں، اہل علم اور خواص کا نازک موضوع ہے، مفتی محمد مسعود ظفر نے "الاربعین فی الفتن" ظہور مہدی، نزول عیسیٰ علیہ السلام، فتنہ دجال سے متعلق کتب صحاح ستہ سے حدیث کا کافی مواد بھی جمع کر دیا ہے۔ ایک تیسری مختصر کتاب "علامات قیامت" بھی ہے۔ اگرچہ میں مشکل موضوع پر یہ مواد پڑھ رہا تھا مگر دل و دماغ کہیں "اور" تھا وہ ہے الخدمت فاؤنڈیشن کی اعلیٰ ترین اور احسن ترین عوامی خدمت جس کی تعریف، برطانوی نژاد جمائمہ خان جو عمران خان کی سابق بیوی اور عمران کے دو بچوں کی ماں بھی ہے نے بھی کی اور الخدمت فاؤنڈیشن کے ذریعے عطیات سیلاب زدگان تک پہنچانے کی اپیل کی ہے۔ مجھے کراچی کے نعمت اللہ خان بار بار یاد آتے ہیں کتنا عظیم ہو جاتا ہے انسان جب وہ مسیحا بن جاتا ہے، مخلص ہو جاتا ہے ایثار پسند، حسن نیت والا ہو جاتا ہے۔ جب بھی کراچی میں کسی سچے، مخلص، بے لوث، ایثار پیشہ خدمت خلق عمل کا مطالعہ ہو گا تو نعمت اللہ کا نام سرفہرست ہو گا مگر نعمت اللہ خان اور الخدمت فاؤنڈیشن کس شجر طیب کا "ثمر" ہے؟ آیئے ذرا اس "شجر طیبہ" کا مطالعہ کریں۔ شائد ہماری مسلم لیگی اشرافیہ، پی پی پی اشرافیہ اور علماء میں سے اشرافیہ بنے نامور افراد کو کچھ سبق، نصیحت، عبرت حاصل ہو جائے۔

ستمبر 2022ء کے "ترجمان القرآن" جس کے مدیر پروفیسر خورشید احمد (سابق سینیٹر) ہیں، میں علی گڑھ یونیورسٹی کے ریسرچ اسکالر اور شعبہ عربی کے استاد نعمان بدر فلاحی کا 30 صفحات پر مشتمل مضمون "علی گڑھ تحریک اور ابوالاعلیٰ مودودی" موجود ہے مجھے اس کی طرف توجہ ممتاز کالم نگار تنویر قیصر شاہد نے دلوائی تھی۔ وہ اکثر اہم موضوعات پر نئی کتب، مقالہ جات، مضامین کی طرف توجہ دلاتے رہتے ہیں رہتے وہ کینٹ میں ہیں مگر دل ان کا اکثر اسلام آباد میں ہوتا ہے مگر وہ کینٹ کے اردگرد کی تازہ سبزیوں کے سبب وہ بہت چھوٹے سے مکان میں رہتے ہوئے بھی بہت مطمئن ہیں۔ میں پیدائشی مسلم لیگی ہوں البتہ مولانا مودودی کے لئے ان کی دانش، اجتہادات، تدبرات تفکرات کے سبب احترام ہے اور ان کی بہت زیادہ عزت کرتا ہوں کہ وہ برصغیر کے حقیقی عہد میں عظیم سیاسی مجتہد تھے۔ علی گڑھ تحریک میں جن علماء کو مدعو کیا جاتا تھا خطاب کے لئے ان میں مولانا اسلم جیراج پوری، مولانا عبدالماجد دریا آبادی اور دکن سے سید ابوالاعلیٰ مودودی اور مولانا وحید خان کو بھی تھے۔ علی گڑھ میں سوشلسٹوں، کمیونسٹوں کا بہت زور تھا مگر جب مولانا مودودی کی کتب، خطابات اور ترجمان القرآن کی علی گڑھ یونیورسٹی میں موجودگی ہوئی تو وہ تمام طلبہ و اساتذہ جو عملاً مسلم لیگی ذہن رکھتے تھے۔ ان کا جھکاؤ مولانا سید ابوالاعلیٰ کے فکر کی طرف ہو چکا تھا۔ شائد سوشلزم، کمیونزم کے وسیع مطالعہ کے سبب ہی ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی انتخابی جدوجہد میں سوشلزم کو اپنانے کا سب سے شدید فکری رد عمل مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کی طرف سے آیا تھا اور شائد بعد ازاں مجید نظامی نے بھی اپنے اخبارات میں بھٹو کے سوشلزم کے حوالے سے مخالفت اپنائی تھی حالانکہ مجید نظامی ایوب خان آمریت کے مدمقابل ذوالفقار علی بھٹو کے پہلے حامی و سرپرست بنے رہے تھے، جماعت اسلامی سے شدید اختلاف کریں مگر ان کی اکثریت دینی اعتبار سے، امانت و دیانت کے اعتبار سے خدمت خلق، ایثار، قربانی کے اعتبار سے اکثر مسلم لیگی اشرافیہ، پی پی پی اشرافیہ سے لاکھوں درجے افضل و اعلیٰ ہے۔ سید مودودی تو سعودی حکومت کے ہاں بطور ممبر رابطہ عالم اسلامی ممدوح تھے ہی مگر ذرا سادہ لوح جالندھر کے آرائیں میاں محمد طفیل کو بھی دیکھ لیں کہ وہ شاہ فیصل سے وفد کے ہمراہ ملاقات میں موجود تھے۔ خاموش، سنجیدہ، متفکر سے، عشائیے کے بعد میاں طفیل محمد کو شاہ فیصل نے تنہائی میں ملاقات کا شرف دیا اور پوچھا کہ آپ اتنے خاموش اور متفکر کیوں ہیں؟ کوئی ذاتی، گھریلو، معاشی، مالی مشکل ہے تو میں حاضر ہوں، فرمائیے آپ کے گھرانے کی کیا ضروریات ہیں جس کے سبب آپ اتنے متفکر اور پریشان ہیں؟ میاں طفیل محمد نے کہا نہیں گھر میں کوئی معاشی یا مالی مسئلہ نہیں ہے اور مجھے اپنی ذات، گھر اولاد کے لئے کچھ نہیں چاہیے۔ پیرانہ سالی میں جب میاں محمد طفیل کی بینائی ختم ہو رہی تھی تو اس کا پتہ سعودی حکومت کو چل گیا۔ ریاض سے ایک سعودی شخص کو بھیجا گیا تا کہ میاں محمد طفیل کو پیشکش کی جائے کہ وہ سعودی عرب آ جائیں تا کہ سعودی حکومت ان کی آنکھوں کی بیماری کا علاج کر سکے مگر اس مرد صالح نے شکریہ سے اس پیشکش کو قبول کرنے سے معذرت کر لی اور بالآخر آنکھوں کی بینائی بھی چلی گئی اس حالت میں بھی وہ ہر نماز منصورہ کی مسجد میں آ کر ادا کرتے تھے۔ الخدمت فاؤنڈیشن اور نعمت اللہ خان نامی جو "ثمر" ہے اور اسی "شجر طیبہ" کا ہے جس کا ایک نام سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ ہے اور ایک نام میاں محمد طفیل بھی ہے اور ایک نام سید منور حسن کا بھی ہے قیام پاکستان کے ابتدائی بہت مشکل دنوں کے حوالے سے ان کا ذاتی مشاہدات پر مبنی ایک مضمون ترجمان القرآن شمارہ اگست میں موجود ہے۔ جماعت اسلامی کو عوام ووٹ نہیں دیتے، مگر جب بھی فلاحی کاموں، خدمت خلق کے حوالے سے عطیات دینا ہوتے ہیں تو وہ صرف الخدمت فاؤنڈیشن کو ہی عطیات دیتے، میں خود بھی سالوں سے جو بھی صدقہ دیتا ہوں وہ صرف الخدمت کی صندوقچی میں ڈالتا ہوں حالانکہ میرا تعلق جماعت اسلامی سے ہے نہ ہی میں اسے ووٹ دیتا ہوں مگر مالی عطیات صرف الخدمت کی دیانت کے سبب صرف اسی کو دیتا ہوں۔ الخدمت کے عبدالشکور کی مساعی جمیلہ اور ان کے رفقاء، کارکنوں کی یہ عظیم خدمت "امید" کا چراغ ہے۔ "جگنو" ہے اندھیری سیاسی رات ہے۔

☆☆☆☆☆

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: ڈاکٹر خرم شہزاد، سب ایڈیٹر نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر، موبائل نمبر: 0332-2364234۔ میاں [illegible] اللہ ریزیڈنٹ ایڈیٹر اسلام آباد۔ آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل الحق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد۔ موبائل 0300-9847010۔ فون نمبر 051-8311430 فیکس نمبر 051-8311450۔ ای میل isb33@yahoo.com

شال بقیہ 1

ہے، ایف نائن پارک میں احتجاج کریں، اگر ڈی چوک آنے کی کوشش کی گئی تو دھوتی دیں گے۔ وہ بدھ کو ایف آئی اے اور یو این او ڈی سی کے اشتراک سے اعلیٰ سطحی مشاورتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔ ایک سوال کے جواب میں وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خان نے کہا کہ توشہ خانہ ریفرنس میں چور رنگے ہاتھوں پکڑا گیا ہے، غیر اخلاقی حرکت کی ہے، کیا ایسے بھی ہوتا ہے کہ کوئی تحفہ دے تو وہ کوئی بیچ دے، عمران خان نے 25، 26 کروڑ کا فراڈ کیا، سونے کے قلم چرائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نمل یونیورسٹی اور شوکت خانم ہسپتال کے فنڈز کی پڑتال کریں تو اس میں بھی عمران خان کی چوریاں سامنے آئیں گی، جو آدمی 15 سے 20 کروڑ روپے کیلئے بے ایمان ہو جاتا ہے اور ایسی چوری کرتا ہے جس سے پورے پاکستان کی بدنامی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توشہ خانہ ریفرنس میں عمران خان پر مقدمہ درج ہو یا نہ ہو، الیکشن کمیشن سے نااہل ہوتا ہے یا نہیں لیکن اس معاملے میں جو بدنامی عمران خان نے کمائی ہے وہ ہمیشہ اس کے ساتھ رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے القادر یونیورسٹی بنائی تو ٹرسٹی میں اپنی اہلیہ کے علاوہ کسی کو ممبر نہیں بنایا، بحریہ ٹاؤن والوں کو ہی ممبر بنا لیتے جنہوں نے پانچ ارب دیئے ہیں، یہ سب کچھ قوم کے سامنے ہے، چہرہ بے نقاب ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان نے توہین عدالت کی ہے جو کہ ثابت ہے، اب عمران خان معافی مانگ لے گا تو وہ توہین عدالت ختم تو نہیں ہوگی۔ وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ اگر عمران خان کی طرح کا بیٹا ہو تو اس کے ساتھ ماں باپ بھی بات نہیں کرتے، جو قوم کو گمراہ کر رہا ہوں وہ کسی کا لاڈلا نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ جو صوبے عمران خان کے لانگ مارچ کی سپورٹ کریں گے وہ آئین کی صریحاً خلاف ورزی کریں گے اور ایسے میں وفاقی حکومت آئین کے مطابق اقدام اٹھائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم مسلمان پہلے ہیں، علماء کرام اس میں راہنمائی کریں کہ ٹرانس جینڈر بارے ہمارا مذہب کیا کہتا ہے، جو دین کہتا ہے اس کے مطابق اپنی زندگیوں کو ریگولیٹ کرنا چاہیے، اس کے بغیر زندگی گذاریں گے تو کسی طرف کے نہیں رہیں گے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ کسانوں کے احتجاج کی وجہ سے ریڈ زون میں عام آمدورفت کو روکا گیا ہے، کسانوں سے اپیل ہے کہ وہ ڈی چوک کی ضد چھوڑ دیں، ان کی بات سننے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کسی کا بھی آئینی حق ہے، جس نے احتجاج کرنا ہے وہ عدالت کے متعین کردہ مخصوص مقامات پر احتجاج کر سکتا ہے۔

شال بقیہ 2

ہوئی تھی اور اس میلے کا مسلسل انیس مرتبہ انعقاد ہو چکا ہے۔ یوں اس ایکسپو نے نہ صرف علاقائی تعاون و تبادلوں کے لیے بے تحاشہ تجربات حاصل کیے ہیں بلکہ یہ سرگرمی سنکیانگ کی ترقی کی گواہ اور نمائش گاہ بھی بن چکی ہے۔ شہباز شریف نے اپنے خطاب میں یہ خیال ظاہر کیا کہ چائنا۔ یوریشیا ایکسپو "ہم آہنگ معاشی و معاشرتی ترقی میں چین کی کامیابی کے ماڈل کو سمجھنے اور سیکھنے کا قیمتی موقع" بھی ہے۔ حالیہ برسوں میں سنکیانگ کی ترقی میں نمایاں ثمرات حاصل ہوئے ہیں، بنیادی تنصیبات کی تعمیر کو تیزی سے فروغ ملا ہے، عوامی زندگی مسلسل بہتر ہوئی ہے، سماجی استحکام و ہم آہنگی مسلسل برقرار ہیں اور شاہراہ ریشم کی اقتصادی پٹی کے کلیدی علاقے کی تشکیل کے لیے مضبوط بنیاد رکھی گئی ہے۔ رواں سال جولائی میں چینی صدر شی جن پھنگ نے سنکیانگ کا دورہ کیا تھا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بیلٹ اینڈ روڈ کی مشترکہ تعمیر کے ساتھ سنکیانگ ایک دور افتادہ سرحدی علاقے کی بجائے کلیدی علاقہ اور ایک ہب بن چکا ہے۔ ایشیا و یورپ کے مرکز میں واقع سنکیانگ نے اپنی جغرافیائی خصوصیات کو بروئے کار لاتے ہوئے علاقائی باہمی روابط کو فروغ دینے میں مثبت پیش رفت دکھائی ہے۔ شاہراہ ریشم کی اقتصادی پٹی کے کلیدی علاقے کی تعمیر میں ایک مثالی منصوبے ارمچی انٹرنیشنل لینڈ پورٹ میں چائنا ریلوے ایکسپریس کا ارمچی مرکز، جامع بانڈڈ زون، ویئر ہاؤس ٹریڈنگ انڈسٹریل زون سمیت دیگر حصے شامل ہیں۔

شال بقیہ 3

ضروریات کی بروقت فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔ پاک فضائیہ کے میڈیکل لیب کلیکشن پوائنٹس فوری طور پر سیلاب متاثرین میں پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کی شناخت اور تشخیص کر رہے ہیں جس کے بعد انہیں مفت طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پاک فضائیہ نے 458,18 پکے ہوئے کھانے کے پیکٹ، 1512 پانی کی بوتلیں اور 2070 راشن پیکٹس ضرورت مند خاندانوں میں تقسیم کیے ہیں۔ مزید برآں، مفت خوراک اور رہائش کی فراہمی کے علاوہ، فیلڈ ہسپتالوں میں تعینات پاک فضائیہ کی میڈیکل ٹیموں نے 1699 مریضوں کا مفت علاج بھی کیا۔ پاک فضائیہ کی ایمرجنسی ریسپانس ٹیمیں انتھک محنت سے سیلاب زدگان کے علاقے جن میں راجن پور، ضیاری، رنجھی، بولانی، لاشاری، نارووا، چیکا، گھارہ، جاتی، کوڈارو، حاجی پور، چوہڑجمالی، میرپور خاص، سنداوہ، بلو، جھل مگسی، بستی شیر محمد، لاکھڑا، ضیاری، سعید آباد، شہدادکوٹ، صحبت پور، بستی جاگیر گبول، فاضل پور، داور اللہ ورایو جمالی، نصیرآباد، جھل مگسی، جیکب آباد، کھپرو، سندھڑی، سانگھڑ، گوٹھ اسماعیل، کمہار، سرگل، پھلواری، دادو، شاہراہ، میاں پوتا، چشتیں، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، تھل، سیون، نواب شاہ، سکرنڈ، اسابھٹی، سکھر، پیر جھو، انقال، حیدرآباد، میرپور خاص، ٹمبار، نو کلی، گلستان گل صالح اور گل حبیب زئی میں دن رات کام کر رہی ہیں۔

شال بقیہ 4

سفارتخانے کے اشتراک سے کیا تھا۔ انگریزی زبان میں ابھرتے ہوئے رجحان سے متعلق کانفرنس میں پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ضیاء القیوم، ملکی اور غیر ملکی ماہرین تعلیم اور یونیورسٹی کے مختلف شعبوں کے سربراہوں نے بھی شرکت کی۔ صدر مملکت نے کہا کہ ترقی یافتہ قومیں اپنی زبان پر فخر کرتی ہیں، انگریزی زبان کی ایک عالمی حیثیت ہے مگر اردو ہماری قومی زبان ہے، بعض زبانوں کے ختم ہونے کا خطرہ ہے، جنہیں معدوم ہونے سے بچانے کے لئے کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ صدر مملکت نے زبان اور مواصلات کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے زور دیا کہ اپنی قومی زبان کے علاوہ دوسری زبانوں پر بھی عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں فاصلاتی تعلیم کا حامی رہا ہوں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ملک میں تعلیم کے شعبہ میں گرانقدر کردار ادا کر رہی ہے جس کے طلبا کی تعداد 13 لاکھ سے زائد ہے، نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی تعلیم اور دیگر جدید علوم کے ساتھ ساتھ ہنر مند بنانے کی ضرورت ہے۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے کہا کہ قومی زبان اردو کو ترقی دینا ناگزیر ہے، پاکستان کے آئین اور سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق اپنی زبان کو مستحکم رکھنا ہے، یہ ہماری میراث ہے اس کو نہیں چھوڑا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ زبان ہماری زندگیوں میں اہم کردار ادا کرتی ہے، زبان کے بغیر علم کا حصول ممکن نہیں، سر سید احمد خان نے برصغیر کے مسلمانوں کو انگریزی زبان سیکھنے کے لئے راغب کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ جدید علوم سیکھ سکیں۔

شال بقیہ 5

رائے عامہ کو مزید ہموار کرنا ہوگا۔ مشیر امور کشمیر نے کہا کہ ان کو وزارت مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اپنا کردار ادا کر رہی ہے اور انہوں نے وزارت کا منصب سنبھالتے ہی مسئلہ کشمیر پر کشمیر کی تمام سیاسی جماعتوں کی کانفرنس بلائی۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرز کی ایک کانفرنس مستقبل قریب میں بھی بلائی جائے گی جس میں مسئلہ کشمیر کے قانونی پہلوؤں کا جائزہ لینے کے لیے کشمیر سے ریٹائرڈ ججز اور وکلا کو مدعو کیا جائیگا۔

شال بقیہ 6

کی جانب سندھ کا رخ کرتا ہے اور اپنے پیچھے موت اور تباہی کی داستان چھوڑ جاتا ہے۔ سندھ میں سیلاب سے لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے، لوگ اپنے آپ کو پانی سے بچانے کے لیے بلند سطح پر موجود سڑکوں کے کنارے سونے پر مجبور ہیں، وہاں صحت کا بحران سر ابھار رہا ہے اور ہزاروں لوگ اب مختلف بیماریوں، خاص طور پر پانی سے پیدا ہونے والی بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ محکمہ صحت کی رپورٹ کے مطابق صوبے میں بے گھر ہونے والے افراد میں سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈائریا کے 14 ہزار 619 کیسز، جلد سے متعلق بیماریوں کے 15 ہزار 227 کیسز، ملیریا کے 9 ہزار 201 مشتبہ، ملیریا کے 665 تصدیق شدہ کیسز اور ڈینگی کے 11 مریضوں کا علاج کیا گیا۔ اس کے علاوہ، دادو سول ہسپتال کے ڈاکٹر کریم میرانی نے ڈان ڈاٹ کام کو بتایا کہ سیلاب سے متاثرہ آبادی میں ملیریا اور گیسٹرو کی وبا پھیل چکی ہے۔

شال بقیہ 7

تو زیرو جا سکتی ہیں، پی ڈی ایم الیکشن سے بھاگ رہی ہے جبکہ الیکشن ہی ملکی استحکام کا واحد حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی عمران خان کی کال نہیں آئی، سینکڑوں کنٹینرز اور 30 ہزار کی نفری اسلام آباد منگوائی گئی ہے، رنجیت سنگھ کی سوچ اسلام آباد کو پانی پت کا میدان بنانا چاہتی ہے، 27 کلومیٹر کی حکومت اپنے گرد خود سارے صوبوں کا حصار بنوانے کی ذمہ دار ہے، عوام کا فیصلہ دو ٹوک ہے، الیکشن کراؤ اور گھر جاؤ۔

شال بقیہ 8

زراعت، صحت، ریڈی میڈ گارمنٹس اور سولر کے شعبوں میں بہت زیادہ پوٹینشل موجود ہے۔ سید نوید قمر نے دونوں ممالک کے درمیان تجارتی وفود کے تبادلوں کو بڑھانے پر زور دیا جس سے تجارتی اور اقتصادی تعلقات کو تقویت ملے گی۔ اس موقع پر متحدہ عرب امارات کے سفیر نے کہا کہ پاکستانی تاجر برادری برسوں سے یو اے ای کی معیشت اور ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے تاہم وہ دو طرفہ جامع معاہدوں کے ذریعے انہیں مزید تقویت دینے کے خواہاں ہیں۔

شال بقیہ 9

سے باہر شادی نہیں کرنی، رسم و رواج اور روایات سے ہٹ کر بچوں کی شادی کرنی چاہیے۔ وزیر اعظم کے نمائندہ خصوصی نے کہا کہ والدین پر ذمہ داری ہے کہ بچوں کو شادی کے حوالے سے آگاہی دیتے رہیں اور میڈیا پر بھی کم عمری کی شادی سے متعلق تقاریب ہونی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام تو جبری مذہب تبدیلی کے بھی خلاف ہے، اسلام نام ہی سلامتی کا ہے اور بچوں کو اسلام میں تحفظ حاصل ہے، کزن سے شادی پر بھی رائے لینا ضروری ہے۔ علامہ طاہر اشرفی نے کہا کہ اسلامی نظریاتی کونسل کم عمری کی شادی کی روک تھام پر کام کر رہا ہے۔

شال بقیہ 10

اسمبلی کے 77 ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ترکیہ کے صدر طیب اردوان نے پاکستان کے سیلاب زدگان کی مدد اور بحالی کے لیے رکن ممالک سے مالی امداد کی اپیل کی۔ ترک صدر نے بتایا کہ پاکستان میں سیلاب نے بڑے پیمانے پر تباہی مچائی ہے، لاکھوں افراد کا سب کچھ تباہ ہو گیا اور وہ کھلے آسمان تلے اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کے ساتھ زندگی بسر کرنے پر مجبور ہیں۔ صدر طیب اردوان نے اقوام متحدہ اجلاس میں ایک بار پھر مسئلہ کشمیر اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ عالمی قوتیں کشمیریوں کو ان کا حق دلانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، کشمیری بنیادی انسانی حقوق سے بھی محروم ہیں۔ ترک صدر نے امن کی فوری اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہم یوکرین کی سالمیت اور روس جنگ کے خاتمے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے جس کے لیے عالمی برادری بھی ترکیہ کی مخلصانہ کاوشوں کی حمایت کرے۔

شال بقیہ 11

طرح پانی کھڑا ہے، موجودہ صورتحال کو سنبھالنا ایک حکومت تو کیا کئی حکومتوں کے بھی بس کی بات نہیں، مہنگائی کی صورتحال کا اندازہ ہے، تعجب ہے عالمی مجرم، امپورٹڈ چور اداروں کی بات کرتا ہے، ٹرانس جینڈر جے یو آئی کی نہیں، پی ٹی آئی کی ضرورت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیلاب کی صورتحال اور آزمائش کے ماحول میں کسی شخص یا جماعت پر تنقید یا پارٹی پالیسی کے حوالے سے بات کرنے سے اجتناب کر رہا ہوں، میں نے گزشتہ روز سندھ کے 6 اضلاع کا فضائی دورہ کیا جہاں مجھے ہر جگہ پانی ہی پانی نظر آیا، کوئی ایسا علاقہ نظر نہیں آیا جہاں پانی نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں سمندر کی طرح پانی کھڑا ہے، اس وقت جو صورتحال درپیش ہے اس کو سنبھالنا ایک حکومت تو کیا کئی حکومتوں کے بھی بس کی بات نہیں ہے، ابھی صرف لوگوں کو ریسکیو کیا جا رہا ہے، چاہے ان کو پانی سے نکالنے کا عمل ہو، چاہے انہیں خیمیں مہیا کرنے کا عمل ہو، لوگ جس طرح اس شدید گرم موسم میں بغیر چھت کے، درختوں اور پکی چادروں کے تلے زندگی گزار رہے ہیں، وہ کوئی زندگی کی علامت نہیں ہے، انسانی زندگی مکمل طور پر معطل ہے، اس کو بحال کرنے کے لیے قومی جذبے سے کام کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 12

سے کراچی جانے والی گاڑی کمران کوسٹل ہائی وے پر حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار شراق گوٹھ کراچی کا رہائشی محمد علی ولد محمد رحیم موقع پر جاں بحق جبکہ جیونی کا رہائشی معین شدید زخمی ہوگیا۔ ریسکیو حکام نے لاش اور زخمی کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 13

ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی محتسب انشورنس ڈاکٹر خاور جمیل کی طرف سے صوبے کے سیلاب سے متاثرہ زمینداروں کے نقصان کے جلد ازالے کے لئے قائم ایمرجنسی فنڈ ریلیف سیل سے متعلق گفت و شنید کی گئی۔ صوبائی محتسب نے اس اقدام کو سراہا اور بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

شال بقیہ 14

سیکریٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، حافظ مسعود احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالحق شیزاد، سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی، ایڈووکیٹ سالار، حافظ سید سعداللہ آغا، حاجی صالح محمد، حاجی قاسم خان خلجی، چوہدری محمد عاطف، میر فاروق لانگو، مولانا جمال الدین حقانی، مولانا مفتی نیک محمد فاروقی، مولانا حافظ سردار محمد نورزئی، مولانا مفتی محمد ابوبکر، مفتی رحمت اللہ، مولانا محمد عارف شمشیر، ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ، ملک عبداللہ خان ناصر، حاجی عبداللہ سلیمان خیل اور دیگر نے کہا کہ بڑے پیمانے پر کوئٹہ سے چینی کی اسمگلنگ سے چینی بحران کا خدشہ ہے کوئٹہ سے افغانستان چینی کی اسمگلنگ انتظامیہ کی ناک کے نیچے سرعام جاری ہے، جس سے آٹے کے بحران کی طرح چینی بحران پیدا ہونے کا قوی امکان ہے۔

شال بقیہ 15

کیپٹن (ر) غلام اظفر مہیسر کے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق شبر عباس کا تبادلہ کر کے انہیں آپریشن ونگ کوئٹہ، بابر بلوچ کو آپریشن ونگ، شفقات علی رضا کو پولیس لائن ہیڈ کوارٹر کوئٹہ، سلیم رضا کو پولیس لائن ہیڈ کوارٹر کوئٹہ، اللہ وسایا کا تبادلہ کر کے انہیں آپریشن ونگ کوئٹہ، خالد حسین کو آپریشن ونگ کوئٹہ، مسعود رو لاشاری کو آپریشن ونگ کوئٹہ، راجہ عبدالقیوم کو انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ، تنظیم حسین شاہ کو انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ، عبدالحئی کو آپریشن ونگ کوئٹہ، جمیل الرحمن کو آپریشن ونگ کوئٹہ، عبدالولی اچکزئی کو آپریشن ونگ کوئٹہ، نعمت اللہ کو انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ، ثناء اللہ بلوچ کو آپریشن ونگ کوئٹہ، مسعود الرحمن کو آپریشن ونگ کوئٹہ، مجاہد عباس کو انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ، نصیر احمد کو انوسٹی گیشن ونگ کوئٹہ، گل محمد کو انوسٹی گیشن کوئٹہ تعینات کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

کا انعقاد گوادر کے نواحی علاقے سربندر میں کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف نے مریضوں کو طبی معائنہ، تشخیص اور مفت ادویات فراہم کیں میڈیکل کیمپ سے 1000 سے زائد مریض بشمول خواتین اور بچے مستفید ہوئے مقامی افراد نے پاک فوج کی جانب سے میڈیکل کیمپ کے انعقاد کو سراہا اور آئندہ بھی صحت سے متعلق اس طرح کی کاوشوں کو جاری رکھنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

شال بقیہ 17

قرار دینے کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے ان کی درخواست خارج کر دی۔ سابق وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو اشتہاری قرار دینے کے خلاف درخواست پر سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ دوران سماعت اسحاق ڈار کی جانب سے اشتہاری قرار دینے کے خلاف درخواست عدالت عظمیٰ سے واپس لے لی گئی۔ سپریم کورٹ نے اسحاق ڈار کی درخواست واپس لینے کی بنیاد پر خارج کر دی۔ درخواست خارج ہونے سے اسحاق ڈار کو اشتہاری اور مفرور قرار دینے کا فیصلہ برقرار رہے۔

شال بقیہ 18

جاری کر دیا جس کے مطابق پیٹرول کی قیمت میں ایک روپے 45 پیسے کا مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق باضابطہ طریقہ کار یہ ہے کہ نظر ثانی شدہ قیمتوں کا نوٹیفکیشن رات 12 بجے کے قریب جاری کیا جاتا ہے، تاہم اس بار فنانس ڈویژن کی جانب سے نوٹیفکیشن 2 گھنٹے تاخیر کے بعد رات کے تقریباً 2 بجے جاری کیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق پیٹرول کی قیمت 235 روپے 98 پیسے سے بڑھا کر 237 روپے 43 پیسے کر دی گئی، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 247 روپے 43 پیسے پر برقرار رکھی گئی ہے۔

شال بقیہ 19

کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 53 ویں نمبر پر پہنچ گیا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 0 اعشاریہ 43 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کیسز کی شرح 0 اعشاریہ 43 فیصد ریکارڈ ہوئی ہے۔ پاکستان میں مزید 52 افراد میں کورونا وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ کورونا وائرس کے زیر علاج مریضوں میں سے 73 کی حالت تشویش ناک ہے۔ پاکستان بھر میں اب تک 30 ہزار 607 کورونا وائرس کے مریض انتقال کر چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے کل مریضوں کی تعداد 15 لاکھ 71 ہزار 988 ہو چکی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 12 ہزار 77 ٹیسٹ کیے گئے، جبکہ اب تک کل 3 کروڑ 4 لاکھ 17 ہزار 949 کورونا ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔

شال بقیہ 20

بدھ کی صبح گاڑی تو کنڈی اور ماشکیل کے درمیان بگ ایریا میں الٹ گئی جس کے نتیجے میں گاڑی میں سوار مقبول احمد اور غلام فاروق جاں بحق جبکہ حافظ سیف الرحمن، بختیار احمد، حاجی میر اور یاسر زخمی ہو گئے۔ لیویز کے مطابق گاڑی میں سوار افراد ماشکیل سے سوراب تبلیغی اجتماع میں شرکت کیلئے جا رہے تھے۔ لیویز نے لاشوں اور زخمیوں کو فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 21

ہوئے انہوں نے ہدایات جاری کیں وہ اپنی تمام ذمہ داریوں کا ادراک کرتے ہوئے تمام اہداف کو بروقت پورا کریں۔

شال بقیہ 22

تعینات کر دی گئی ہے، شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے، خلاف ورزی کرنے والوں سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد میں سکیورٹی کیلئے اسلام آباد پولیس نے صوبوں سے پولیس، رینجرز اور ایف سی کے تیس ہزار اہلکار مانگ لیے، اسلام آباد کے داخلی راستوں پر سیکڑوں کنٹینرز لگانے کے ساتھ خندقیں بھی کھودی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق اضافی آنسو گیس کے شیل اور آنسو گیس پھینکنے والے ڈرونز بھی منگوائے جائیں گے، جبکہ ایف سی کے تین ہزار اہلکار اسلام آباد پہنچ چکے ہیں۔

شال بقیہ 23

کے اختیاری کوئی فیصلہ کرنے سے قاصر ہیں۔ عمران خان کے خلاف ریفرنس اور پی ٹی آئی پر پابندی سے متعلق ڈکلیریشن پر حکومتی حلقوں کی جانب سے تاحال مشاورت کو حتمی شکل نہیں دی جا سکی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی سربراہی میں قائم ہونے والی حکومتی وزارتی کمیٹی بھی اس معاملے پر غیر فعال نظر آتی ہے۔ حکومت فارن فنڈنگ سے متعلق ایف آئی اے کی تحقیقات اور رپورٹ کا انتظار کر رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ابھی تک ممنوعہ فنڈنگ کیس میں الیکشن کمیشن کے فیصلے کے سوا حکومت کے پاس کچھ نہیں۔ حکومتی ذرائع کے مطابق ایف آئی اے کی تحقیقاتی رپورٹ کے بعد حکومت اس سلسلے میں اپنا کام آگے بڑھائے گی۔

شال بقیہ 24

کے خلاف دفعہ 174 کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ گزشتہ مہینے ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا پر ایک آڈیو کلپ گردش کر رہی تھی جس میں شوکت ترین کو خیبر پختونخوا اور پنجاب کے وزرائے خزانہ کو یہ ہدایات دیتے سنا جا سکتا تھا کہ وہ وفاقی حکومت اور آئی ایم ایف کو بتائیں کہ پاکستان میں تباہ کن سیلاب کی روشنی میں صوبائی بجٹ سرپلس کا وعدہ نہیں کر سکیں گے۔

شال بقیہ 25

دار ہے؟ احد چیمہ بری ہو گئے ہیں نا؟ 3 سال آپ نے انہیں گرفتار رکھا، احد چیمہ بہترین افسر تھے، کون ذمہ دار ہے اس سب کا؟ چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ نے مزید کہا کہ شہریوں کی بھلائی کے لیے پراجیکٹ کو روک دیا، آپ نے نقصان پہنچایا یا مارشل لا اداروں نے؟ آپ نے احسن اقبال کو پکڑ لیا۔ عدالت نے فریقین کے دلائل سننے کے بعد احسن اقبال کے خلاف نارووال اسپورٹس سٹی کمپلیکس کا ریفرنس خارج کر دیا۔ بعد ازاں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما احسن اقبال نے کہا کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ کا کچا چٹھا کھل چکا، عمران خان نے چیئرمین نیب کو بلیک میل کر کے مقدمات بنوائے اور لیگی قیادت کو جیل میں ڈالا، عمران نیازی اپنے جھوٹے الزامات کی حقیقت دیکھ لیں۔

شال بقیہ 26

پر سراہا۔ نواز شریف نے کہا کہ ملک مشکل حالات میں ہے اس سے ملک کو ضرور نکالیں گے۔

شال بقیہ 27

ٹیلر فرار ہوگئے، سریاب پولیس نے مظفر علی کی رپورٹ پر مقدمہ درج کر لیا۔

شال بقیہ 28

کیں کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی کاموں میں تیزی لائی جائے۔ واضح رہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف اس وقت اقوام متحدہ کے 77 ویں جنرل اسمبلی اجلاس میں شرکت کیلئے امریکی شہر نیویارک میں موجود ہیں جہاں وہ 23 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے۔

شال بقیہ 29

ہونے والی خاتون مہسا امینی کے قتل کی شدید مذمت کرتا ہے اور ایرانی عوام پر ہونے والے ظلم کی مذمت کرتا ہے۔ ذرائع نے واضح کیا کہ واشنگٹن کے پاس ایرانیوں کی مدد کے لیے میکانزم موجود ہے۔ وائٹ ہاؤس کے قومی سلامتی کے مشیر جیک سلوان نے صحافیوں کو بتایا کہ واشنگٹن کو نیویارک میں ایرانی جوہری معاہدے سے متعلق پیش رفت کی توقع نہیں۔ تاہم صدر جو بائیڈن اس بات کا اعادہ کریں گے کہ امریکہ دونوں فریقوں کی جانب سے معاہدے کی تکمیل کے آغاز کیلئے تیار ہے۔ جیک سلوان نے مزید کہا اگر ایران وعدوں کو پورا کرنے اور اس فارمولے کو قبول کرنے میں سنجیدہ ہے تو کسی معاہدے تک پہنچا جا سکتا ہے۔

شال بقیہ 30

کے سربراہان کے اجلاس اور سنی نالے پر قائم کئے گئے چیک پوسٹوں کے معائنہ کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کی۔ مراکز بحالی مریضان منشیات کے سربراہان کے اجلاس میں اداروں کی کارکردگی، علاج و معالجہ، گنجائش، سہولیات، مسائل اور وسائل پر تفصیلاً جائزہ لیا گیا۔ تاکہ آپریشن میں پکڑے گئے منشیات کے عادی افراد کو بحالی مراکز کے حوالے کرنے اور علاج و معالجہ کا عمل شروع کیا جائے۔ ڈی آئی جی کوئٹہ نے تمام سربراہان کو سنی نالے کا دورہ کروایا جہاں انہیں نے چیک پوسٹوں اور نفری کے حوالے سے بتایا کہ پولیس کارروائی کے بعد سنی نالے میں منشیات کے عادی افراد کا دوبارہ جمع ہونے سے روکنے کے لئے 6 چیک پوسٹ قائم کر دیئے گئے ہیں جس میں 70 پولیس اہلکار مختلف اوقات میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔

شال بقیہ 31

میں داخل ہو چکے ہیں، تھل کے نواحی گاؤں علی شیر برڑو میں نوجوان عبدالحمید برڑو، گوٹھ محمد رمضان نوناری میں 55 سالہ عبدالجبار نوناری، گاؤں علی مردان بروہی میں نوجوان اویس بروہی، یونین کونسل شیر داد کے گوٹھ عبدالحمید جعفری میں 45 سالہ راجل، گاؤں صاحب ڈنو سومرو میں 8 سالہ بچی مینا سومرو، گوٹھ محمد صدیق نوناری میں 6 سالہ کونج لاشاری ملیریا کے باعث فوت ہو چکے ہیں، جیکب آباد میں ملیریا کی وبا تیزی سے پھیل رہی ہے اور گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران دو بچیوں اور خاتون سمیت 11 افراد فوت ہو چکے ہیں، جبکہ بارشوں کے بعد سے اب تک ضلع بھر میں 107 سے زائد افراد ملیریا اور گیسٹرو کے باعث جاں بحق ہو چکے ہیں۔

شال بقیہ 32

ہے ان حالات میں لوگوں کو متاثرین کی بحالی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے۔ محمد اعجاز الحق نے کہا کہ صدر مملکت ملک میں محاذ آرائی کے خاتمے اور سیاسی استحکام کے لئے اپنا کردار ادا کریں تاکہ غیر یقینی صورتحال کا خاتمہ ہو اور قومی معیشت سنبھل سکے۔

شال بقیہ 33

شہادت کو سلام پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ پاک فوج کا دہشت گردی کے خلاف ملکی سرحدوں کا عزم قوم کا حوصلہ ہے بیان میں مزید کہا گیا کہ ایم کیو ایم امن دشمنوں کے خلاف پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔

شال بقیہ 34

صورتحال میں تبدیلی کرنے کی فوری ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہمیں اس سال تمام صوبوں میں پگھلتے ہوئے گلیشیئرز اور سیلاب کا سامنا ہے۔ شدید موسمی واقعات کی تعداد اور شدت میں اضافہ وسائل پر منحصر روزگار (کان کنی، جنگلات، ماہی پروری، توانائی اور سیاحت) کیلئے خطرہ ہے۔ دیہی کمیونٹیز کو موسمیاتی تبدیلی کے دباؤ کا سامنا ہے، لیکن دیہی فرموں اور گھرانوں کے پاس پائیدار متبادل کا فقدان ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی، محدود معاشی تنوع، بیرونی منڈیوں پر انحصار اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر بھی ان کے خطرے کو بڑھاتے ہیں۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق انہوں نے کہا پاکستان عالمی گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں 1 فیصد سے بھی کم حصہ ڈالتا ہے لیکن ہر سال یہ ملک آب و ہوا کے خطرے کی سیڑھی پر چڑھتا رہتا ہے۔

شال بقیہ 35

شدید زخمی ہو گئے ہسپتال منتقل کرنے کے دوران وہ زندگی کی بازی ہار گئے ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دیا گیا ایس ایچ او سٹی امیر جان بلوچ کے مطابق واقعہ کے بعد تین مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا ہے جن سے تفتیش جاری ہے۔

شال بقیہ 36

یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کوئٹہ کے موقع پر طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وائس چانسلر بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز کوئٹہ (بیوٹمز) احمد فاروق بازئی نے وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزہ فاطمہ خواجہ کا بیوٹمز آمد پر استقبال کیا۔ وزیر اعظم کی خصوصی اسسٹنٹ برائے امور نوجوان شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ وفاقی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ نوجوانوں کو تعلیم، جدید علوم اور کھیلوں میں تمام تر سہولیات کے ساتھ ساتھ وہ مواقع میسر آئے جب سے ہمارے نوجوان ملکی معیشت کو سنبھالا دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ حال میں ہی نوجوانوں کے لئے شروع کئے جانے والے منصوبوں کو بلوچستان کے طلبہ اور دیگر نوجوانوں تک رسائی دینے کے لئے ہم سب فوری اقدامات کر رہے ہیں۔ وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بیوٹمز صوبہ بلوچستان میں بہترین اعلیٰ تعلیم کی تمام نوجوان طبقات تک منتقلی کے نصب العین پر کاربند ہے۔ 11 ہزار سے زائد طلبا جامعہ میں نا صرف اپنے متعلقہ شعبہ جات میں علم حاصل کر رہے ہیں بلکہ اپنی کاروباری صلاحیتوں میں نکھار اور نوکری کے حصول کے بجائے نوکریاں مہیا کرنے والوں میں شامل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر کی صف اول کی جامعات میں شامل بیوٹمز بلوچستان میں تعلیم کے ساتھ ساتھ معاشرتی مسائل، نوجوانوں بالخصوص خواتین کی تعلیم اور بہبود کے منصوبوں میں پیش پیش ہے۔ وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے نوجوانان نے بیوٹمز میں یوتھ ڈویلپمنٹ سینٹر کا افتتاح کیا جبکہ نیشنل انکیوبیشن سینٹر کا دورہ بھی کیا علاوہ ازیں وائس چانسلر بیوٹمز احمد فاروق بازئی نے وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان شزہ فاطمہ خواجہ کو دورہ بیوٹمز کے موقع پر یادگاری شیلڈ پیش کیا۔

شال بقیہ 37

روڈ، مشرقی بائی پاس اور ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر تعمیراتی کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا یوٹیلیٹی سروس لائنوں کی جلد از جلد منتقلی کو یقینی بنایا جائے منصوبوں پر کام بلاتعطل جاری رہے تاکہ مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائے۔ انہوں نے درپیش مسائل کو جلد حل کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر منصوبوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سریاب روڈ پر یوٹیلیٹی سروسز کی منتقلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے ٹریفک کے مسائل کا حل اور شہریوں کی سہولت کے لئے موجودہ منصوبے نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر کی بہتری، منصوبوں کی تکمیل سے کوئٹہ ایک جدید خوبصورت اور ترقی یافتہ شہر بن جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کے راستوں میں لگے درختوں کو محفوظ جگہوں پر منتقل کیا جائے۔

شال بقیہ 38

لیے درمیانی سے طویل مدت تک درپیش رہنے والا بحران بھی ہے۔ ڈیرک شولے نے کہا کہ یہ بحران فصلوں کو تباہ کرنے والا ہے، اس کے دوران بیماریاں اور دیگر طبی مسائل پیدا ہوں گے جن سے نمٹنے کے لیے طویل مدتی صحت سے متعلق دیکھ بھال کی ضرورت ہوگی، یہ واضح ہے کہ سیلاب کے باعث پاکستان میں اہم فصلیں بڑے پیمانے پر تباہ ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے پاکستان کو تقریباً 5 کروڑ 50 لاکھ ڈالر کی امداد فراہم کی اور امدادی سامان سے بھرا فوجی طیارہ بھی بھیجا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ امداد وہ چیز ہے جس پر ہمیں بطور ایک دنیا کے توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ اس مایوس کن وقت میں پاکستان کی مدد کی جا سکے۔ اس سوال پر کیا وہ عالمی برادری کے ردعمل سے مطمئن ہیں، ڈیرک شولے نے کہا کہ آنے والے کئی مہینے پاکستان میں بہت سے لوگوں کے لیے بہت مشکل ہونے والے ہیں، انہیں اپنی زندگی، اپنے گھر بار کو بحال کرنے کی کوشش کرنی ہے، اس تمام صورتحال میں دنیا کو پاکستان کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہنے کی ضرورت ہے۔ بدقسمتی سے یورپ میں دوسری جنگ عظیم کے بعد سب سے بڑا انسانی بحران ہے۔

شال بقیہ 39

سیکرٹری حور شاہوانی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ثناء درانی، ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری ساجدہ منگوکئی، صوبائی میڈیا کوآرڈینیٹر فائزہ پولادی ڈویژنل صدر خدیجہ زہری، انفارمیشن سیکرٹری ایڈووکیٹ رخسانہ بلوچ، ڈسٹرکٹ کوئٹہ کی صدر بلقیس اعوان، ڈپٹی جنرل سیکرٹری بلقیس انجم بلوچ، انفارمیشن سیکرٹری ماروی راجپوت، فنانس سیکرٹری عزیزہ بی بی، نائب صدر نسیمہ کاسی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری گل زرینہ، سٹی صدر نرگس مصطفیٰ، نائب صدر روزینہ شکور، نائب صدر زبیدہ شاہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حمیرا ظہور اور ڈپٹی جنرل سیکرٹری کوئٹہ سٹی ارم مرزا، پیپلز پارٹی کے صوبائی رابطہ سیکرٹری حاجی ربانی کاکڑ، سیکرٹری ریکارڈ در محمد جزارہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری غلام محی الدین رند ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات حاجی قاسم اچکزئی اور ڈپٹی میڈیا کوآرڈینیٹر اختر شاہ مندوخیل نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں کلثوم افتخار، سکینہ عبداللہ خان، پروین مینگل، خالدہ جمالی، محمودہ نسرین، شاہ درانی، خدیجہ زہری، بلقیس اعوان، نرگس مصطفیٰ اور دیگر نے ایجنڈے کے مطابق تفصیلی تبادلہ خیال اور مختلف درپیش مسائل پر تجاویز اور رپورٹ اجلاس میں پیش کی اجلاس سے صوبائی جنرل سیکرٹری لالا روزی خان کاکڑ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مشکلات کے باوجود خواتین کی کارکردگی بہت بہتر ہے جس میں مزید بہتری کی گنجائش ہے خصوصاً سیلاب سے متاثرہ خواتین کو وفاق حکومت کی جانب سے دی گئی امداد اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے سے خواتین میں شعور اور آگاہی پیدا کرنے کیلئے خواتین ونگ کا کردار بہت اہم ہے امید ہے کہ پیپلز خواتین ونگ اپنی ان ذمہ داریوں کو پورا کرنے کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ہمارے معاشرے اور سیاست میں کلیدی کردار کی حامل ہیں خواتین نے اپنی سیاسی جدوجہد سے ہمیشہ اپنی طاقت کا لوہا منوایا ہے پاکستان میں اگر خواتین کی قربانیوں اور جدوجہد کی بات کی جائے تو پیپلز پارٹی اس دوڑ میں صف اول پر آتی ہے کیونکہ مسلم امہ میں پہلی خاتون وزیراعظم بننے والی محترمہ بینظیر بھٹو شہید کا تعلق بھی اسی پارٹی سے تھا جنہوں نے اپنے والد قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو کے عدالتی قتل کے بعد بطور خاتون ملک کی سب سے بڑی جمہوری پارٹی کی باگ ڈور سنبھالی اور ضیاء الحق جیسے ظالم ڈکٹیٹر کا جرات اور بہادری سے مقابلہ کیا شہید محترمہ بینظیر کی جدوجہد کی بدولت ملک میں جمہوریت بحال ہوئی اور محترمہ مسلم دنیا کی پہلی خاتون وزیراعظم بنیں ان کی شاندار جدوجہد کا اعتراف نہ صرف اندرون ملک بلکہ دنیا بھر میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی جو پاکستان کی خواتین کے حقوق کے فروغ اور تحفظ دینے کے لئے ہمیشہ پرعزم رہی ہے پیپلز خواتین ونگ بلوچستان کو اپنی قائد شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوامی حقوق کی سیاسی جدوجہد میں مردوں کے شانہ بشانہ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

شال بقیہ 40

رہتے ہے، لیکن بچپن میں والدین کے ساتھ کینیڈا منتقل ہو گئیں۔ ان کا تعلق کینیڈا کی لبرل پارٹی سے ہے اور وہ تیسری بار کینیڈین پارلیمنٹ کی رکن بنی ہیں۔ اقرا خالد نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب کی صورتحال کے حوالے سے کینیڈا میں موجود پاکستانی کمیونٹی بے حد تشویش میں مبتلا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کینیڈا میں پاکستانی کمیونٹی سے وابستہ افراد نے انہیں کالیں کیں۔ انہوں نے اپنے انتخابی حلقے میں اس مسئلے کو اٹھایا اور عطیات اکٹھے کئے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈا میں موجود ہر پاکستانی پریشان ہے اور انہیں لگتا ہے کہ کینیڈا کو پاکستان کے سیلاب متاثرین کے لئے کچھ کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ کینیڈین حکومت مصیبت میں پھنسے پاکستانیوں کی مدد کے لئے تیس ملین ڈالرز دے گی۔ اس امداد میں سے 11 فیصد ایمرجنسی ریلیف کوششوں کے لئے استعمال ہونگے اور 14 فیصد بحالی کی مد میں دیئے جا رہے ہیں۔

شال بقیہ 41

قائدین طاقتور شکن خطاب فرمائیں گے۔ اہلیان چمن سے شرکت کی اپیل کی جاتی ہے۔ اور یہ کانفرنس ان قوتوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا جنہوں نے علماء اور طلباء کو ایسے عظیم راہبر سے جدا کیا جس نے ہمیشہ مظلوموں کا ساتھ دیا اور مجاہدین کے ساتھ بہترین تعلقات رہا اور انکے ساتھ ہمدردانہ تعلقات ہی کی وجہ سے سر کے نذرانہ پیش کی۔ مولانا محمد حنیف شہید کے علمی دینی جہادی اور قومی خدمات آج تک جاوید ان ہے۔ مزید کہا کہ مجاہدین اور شہداء کی لازوال قربانیوں نے مصنوعی سپر پاور امریکہ کو زیرو بنا دیا۔

شال بقیہ 42

افراد ملیریا کا شکار، ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ ملیریا کی بیماری کی سب سے اہم پیراسٹامول کے فارمولے کی تمام گولیاں جن میں پیناڈول، فیبرول، کال پول اور ٹائلا ڈال مارکیٹ سے غائب ہیں۔ اور مہنگے داموں میں بھی مریضوں کو نہیں ملتی۔ اس سلسلے میں جب میڈیکل اسٹورز مالکان سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے بتایا کہ مذکورہ گولیاں ہمیں کراچی ہی سے کم ملتی ہیں۔ فارمیسی سپلائیرز ہفتے میں 5 پیکٹ دیتے ہیں جب کہ صرف روزانہ کی ڈیمانڈ 50 پیکٹ ہے۔ اس سے آپ ملیریا کی بنیادی گولیوں کی مارکیٹ سے نایابی، ضرورت اور سنگین صورتحال کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ کیوں کہ کراچی اور اندرون سندھ میں ملیریا اور ڈینگی کے وبائی امراض کی وجہ سے فارمیسی کے بڑے ڈیلرز مذکورہ گولیاں ذخیرہ اندوزی کر کے مہنگے داموں فروخت کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 43

کے خلاف کریک ڈاؤن کے بعد شہر بھر میں چوری کی وارداتوں کی روک تھام سے متعلق جبکہ رکن صوبائی اسمبلی میر محمد عارف محمد حسنی محکمہ مواصلات و تعمیرات میں کلی کی خالی آسامیوں پر تقرری نامے جاری نہ کرنے وجوہات سے متعلق الگ الگ توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ انرجی سے متعلق سوالات دریافت اور انکے جوابات دیئے جائیں گے۔

شال بقیہ 44

صرف عالم اسلام بلکہ پوری انسانیت کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الحاج سید علی محمد شاہ حاشمی اعلیٰ پائیہ کے ادیب مفکر اور اسکالر تھے۔ ادب کے حوالے سے ان کی خدمات ناقابل تردید ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف بھی تھے جن میں انسانیت کی فلاح کا درس موجود ہے الحاج سید علی محمد شاہ چشتی کی انتقال سے ادبی دنیا نامور ادیب، شاعر اور مفکر سے محروم ہو گئی ہے ان کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلا شاید بھی پر نہ ہو۔ نور احمد راہی نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ پروردگار الحاج سید علی محمد شاہ ہاشمی چشتی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین۔

شال بقیہ 45

سے خدشہ پیدا کر دیا ہے، اوتھل شہر کے ایک گنجان آبادی اور مصروف ترین شاہراہ پر واقع ایک مکان میں مبینہ طور پر منشیات کی ڈیلنگ اور منشیات کے عادی افراد کو سرے عام فروخت کرنے کا سلسلہ شدت اختیار کر چکا ہے، علاقے میں مذہبی عبادت گاہ، مختلف مذاہب کی منتشر آبادی اور اسکول واقع ہونے کے باعث علاقے کا نام منظر عام پر نہیں لایا جا رہا ہے تاہم اوتھل کے مرکزی بازار کے ساتھ واقع گنجان آبادی اور مصروف ترین علاقے میں ہونے والی اس مبینہ طور پر منشیات کی فروخت کی روک تھام کے لئے اقدامات ضروری ہیں۔

شال بقیہ 46

تجاہانہ مجلس مشکل کی اس گھڑی میں ہم متاثرین کے ساتھ ہیں بارشیں اور سیلاب قدرتی آفات ہیں لسبیلہ میں ایسے بھی علاقے ہیں جہاں متاثرہ علاقوں میں ضروریات خورد و نوش کی اشد ضرورت ہے انہوں نے کہا ہے ہم متاثرہ لوگوں کی خدمت ہی خلق خدا وندی ہے ہم سب کو مل کر بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں جا کر متاثرہ لوگوں کی بروقت مدد کرنی چاہیے کیوں کہ کسی متاثر کی خدمت بھی صدقے میں شمار ہوتی ہے۔

شال بقیہ 47

ہوئے کہا کہ پاکستان میں حافظے کی کمزوری (الزائمرز) کو بڑھاپے کی علامت سمجھا جاتا ہے حالانکہ یہ ایک دماغی اور زندگی کو کم کرنے والا مرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تقریباً 5 لاکھ افراد اس مرض میں مبتلا ہیں لیکن لوگوں کی اکثریت اس بیماری سے لاعلم ہے۔ اس کی ابتدائی علامات میں حافظہ کی کمزوری، یادداشت کی کمی اور روزمرہ کی سرگرمیوں کو بھول جانا شامل ہے۔ جب مرض بڑھتا ہے تو مریض کھانا کھانا، کپڑے پہننا اور گھر کے پتے سمیت اپنے بچوں اور قریبی عزیز و اقارب تک کو بھولنا شروع ہو جاتا ہے۔ اس کی کیفیت چھوٹے بچے کی سی ہو جاتی ہے، جسے کسی بات کا علم نہیں ہوتا۔ ایسی صورتحال میں مریضوں کا بہت زیادہ خیال رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

شال بقیہ 48

کی آبیاری کے لیے یہ کوششیں کر رہی ہے یہ اسلامی معاشرتی، اخلاقی اور خاندانی نظام کی تباہی ہے انہوں نے کہا کہ ٹرانس جینڈر بل کی تمام شقیں اسلامی تعلیمات سے بغاوت کا منہ بولتا ثبوت ہیں معاشرہ کو برباد کرنے کے لیے شیطانی منصوبوں کو پاکستان پر مسلط کیا جا رہا ہے۔ یہ کسی صنف سے ہمدردی کی بنیاد پر نہیں بلکہ یہ قانون ہم جنس پرستوں کے تحفظ کا قانون ہے حقوق کے نام پر ٹرانس جینڈر ایکٹ، عورت مارچ، حقوق نسواں یہ سب شیطانی قوتوں کی بے حیائی اور نوجوان نسل کو گمراہ کرنے کی منصوبے ہیں ان مغربی قوتوں کی ایما پر ملک پر مسلط کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 49

موقع پر ٹیسٹ کردہ 8 مراکز کے نمونوں میں سے 1 ملک شاپ کا دودھ ملاوٹی پایا گیا جس پر ملک شاپ کے خلاف کارروائی کی گئی۔ سریاب کے مختلف علاقوں میں 3 ہوٹلوں، 1 نان شاپ اور 2 جنرل اسٹورز پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ہوٹلوں کو پکوان میں ناقص اجزاء، چائنیز نمک و ناقابل استعمال کوکنگ آئل کی آمیزش، صفائی و نکاسی آب کے ناقص انتظامات، آلودہ و جراثیم زدہ برتنوں میں صارفین کو خوراک کی فراہمی، کچن میں ہوا کی آمدورفت و روشنی کے نامناسب انتظامات اور ورکرز کی ذاتی صفائی نہ ہونے پر جرمانہ کیا گیا، 2 جنرل اسٹورز سے ممنوعہ و ایکسپائرڈ کھانے پینے کی اشیاء برآمد ہوئیں جبکہ نان شاپ کے خلاف کم وزن آٹے (پیڑے) سے نان تیار کرنے و آٹا وغیرہ ذخیرہ کرنے کی غیر صحت بخش صورتحال پر ایکشن لیا گیا۔ اسی طرح ایئرپورٹ روڈ میں دوران انسپکشن 1 معروف پیزا کارنر کو ایس او پیز کی خلاف ورزی سمیت مختلف وجوہات جبکہ چار دیگر مختلف کھانے پینے کے مراکز کو بی ایف اے فوڈ بزنس لائسنس کی عدم دستیابی پر جرمانہ کیا گیا۔

شال بقیہ 50

پرامن علاقہ ہے علاقے کی امن و امان کی خاطر ہر طرح کی قربانی دی ہے اور آئندہ بھی امن و امان کو برقرار رکھنے کے حوالے سے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے، انہوں نے کہا کہ ماشکیل ایک پسماندہ ترین علاقہ ہے یہاں پر کوئی فیکٹری اور کارخانہ نہیں ہے لوگوں کا گزر بسر بارڈر پر ہے اس ضمن میں خاران بسیمہ اور ناگ کو ماشکیل گزر میں انٹری دینا غریب باسیوں کے ساتھ ظلم ہے ماشکیل کے غریب باسی پرامن لوگ ہے اور دیگر علاقوں کی گزر میں جانے سے علاقائی امن و امان اور دیگر مسائل مزید بڑھ جائیں گے۔

شال بقیہ 51

ماڈل کے طور پر پراجیکٹ شروع کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مالی طور پر مضبوط کمپنیوں کو صاف شفاف ٹینڈر کے ذریعے کام دیا جائے اور کال ڈیپازٹ کے طور پر زرضمانت لی جائیں تاکہ مستقبل قریب میں کوئی مشکل پیش نہ آئے۔

شال بقیہ 52

نے مشترکہ بیان میں بجٹ 2021-22 ڈسٹرکٹ شیرانی کے سکولوں کی مرمت کیلئے مختص فنڈ میں متعلقہ محکمے اور ٹھیکیدار کے کرپشن اور ملی بھگت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ڈپٹی کمشنر شیرانی اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شیرانی اس کا فوری طور نوٹس لیں اور اس فنڈز کا شفاف طریقے سے تحقیقات کی جائے اور جن سکولوں میں کام ہوا ہے۔ وہ بھی چیک اینڈ بیلنس نہ ہونے کی وجہ سے انتہائی ناقص میٹریل استعمال ہوا ہے۔ جو استعمال کے قابل نہیں ہے اسکی بھی تحقیقات کی جائے تحقیقات نہ ہونے کی صورت میں جی ٹی اے شیرانی سخت احتجاج کا اعلان کریں گے۔

شال بقیہ 53

ژرک کے سینئر رہنماؤں سردار زادہ میر طارق جان لیزی سردار زادہ میر پرویز حمید لیزی سردار زادہ میر محمد ابراہیم لیزی محمد عمر فرنوتی میر شفیق الرحمان لیزی کونسلر وڈیرہ محمد اسلم لیزی کونسلر ٹکری عبدالکریم لیزی کونسلر مولا بخش ہنگوڑئی میر عبدالباقی ہنگوڑئی حاجی عبدالکریم لیزی حاجی بہرام خان بنگلزئی حاجی عزیز محمد ٹکری عیسیٰ خان لیزی حافظ عبدالعزیز مولانا عصمت اللہ لیزی داد محمد ہنگوڑئی و دیگر رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ حالیہ سیلاب بارشوں سے ژرک میں ہر طرف تباہی کا منظر سیکنڈوں مکانات منہدم ہزاروں ایکڑ فصلیں تباہ زمیندار فاقہ کشی پر مجبور ہو گئے کئی روز گزرنے کے باوجود متاثرین کو خیمہ تک نہیں ملا ہے متاثرین خصوصاً مریضوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔

شال بقیہ 54

لائن افیسر داود خان سمیت ضلع کے تمام پولیس افیسران موجود شریک تھے اجلاس کے دوران ایس پی اصف حلیم بلوچ نے خاران کے امن و امان برقرار رکھنے کے لیے و مفرور ملزمون کی گرفتاری کے لیے خصوصی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ہر حال میں خاران کے امن و امان بحال کرتا اور چوروں اور مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچانا ہمارے اولین زمہ داری و فرض منصبی ہے خاران پولیس عوام کے خدمت کے ہمیشہ پیش پیش رہے گا اس سلسلے میں پولیس گشت بڑھانے کے لئے مزید نفری فراہم کی جائے گی انہوں نے کہا کہ قانون سے کوئی بالاتر نہیں متعلقہ پولیس آفیسران اپنے اپنے ایریا میں پولیس کے جوانوں کو الرٹ رکھنے کے ساتھ ساتھ شہر میں ہر آنے والوں کو کڑی نگرانی کرے اور تمام پولیس چیک پوسٹ میں تعینات پولیس کے جوان چیکنگ کرتے وقت مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھیں انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہیں عوام سے درخواست ہیں کہ پولیس کے ساتھ بھرپور تعاون کریں تاکہ چوروں کی گرفتاری میں آسانی ہو انہوں نے کہا کہ پولیس گاڑی موٹر سائیکل پیدل گشت میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ پولیس چیک پوسٹ میں تعینات اپنے فرائض منصبی بخوبی سرانجام دیں اس حوالے سے کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

شال بقیہ 55

بیرکس، چلڈرن بیرکس، لنگر خانہ اور ملاقاتیوں کے جگہ کا معائنہ کیا اور جیل کے تمام شعبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جیلوں کی بہتری کیلئے حکومت تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

شال بقیہ 56

نیاز احمد عمرانی نے میڈیا سے باتیں کرتے ہوئے کہا کہ جعفرآباد و انتظامیہ ڈی سی سمیت سب باپ پارٹی کی سیاسی سپورٹ راشن تھمبو کے ذریعے کر رہی ہے لوگوں کو کہتے ہیں کہ منتخب نمائندے یا ان کے چاہتوں کا فون یا خط لیکر آئیں تو پھر راشن ملے گا وہ زبردستی عوام کو مجبور کر کے ان کی طرف بھیجتے ہیں۔

شال بقیہ 57

50 سالہ محمد انور ولد یعقوب عمر کے نام سے کی گئی۔ مقتول ٹھیلے پر پکوڑے فروخت کرنے کا کام کرتا تھا۔ پولیس کے مطابق مقتول اپنے گھر میں سو رہا تھا اور اسی دوران نامعلوم ملزمان نے گھر کی کھڑکی سے فائرنگ کی۔ گولی کھڑکی کا شیشہ توڑتے ہوئے مقتول کو جا لگی اور وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ جائے وقوع سے نائن ایم ایم پستول کا ایک خول بھی ملا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قتل ذاتی دشمنی کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے۔

شال بقیہ 58

لیبر فیڈریشن کے صدر مزدور رہنما، خان زمان سیکرٹری جنرل قاسم چیئرمین حاجی بشیر احمد ڈپٹی سیکرٹری جنرل عبدالمعروف آزاد سیکرٹری انفارمیشن علاو بٹ امان اللہ خان میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین ہرنائی کے نومنتخب صدر حبیب اللہ عبدالقدیم شاہ نے ہرنائی میں میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین ہرنائی کے نو منتخب عہدیداروں کی حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ محنت کش طبقے ملازمین و غریب عوام کو قوم مذہب فرقے اور دیگر رنگوں کے نام پر تقسیم کر کے ملک کی اشرافیہ اور چند لوگ اپنی تجوریاں بھر رہے ہیں کیونکہ ملک کے اس مراعات یافتہ طبقے کا مہنگائی بیروزگاری سے کوئی واسطہ نہیں۔ پٹرولیم مصنوعات، بجلی گیس پانی کے بل بڑھا کر غریبوں کی جیبیں خالی کرائی جا رہی ہیں آٹا چینی گھی خوردنی اشیاء مہنگی کر کے اور مارکیٹ سے غائب کر کے بلوچستان کے غریب عوام کو بھوک کے پیاسے رکھنے کی پالیسیوں پر عمل ہو رہا ہے۔ بلوچستان کا محنت کش طبقہ ملازمین و مزدور مسائل حل نہ ہونے پر سراپا احتجاج ہیں۔ ملک میں صرف مراعات یافتہ طبقے کو مزید مراعات و سہولیات سے نوازنے کیلئے قانون سازی ہوتی ہے مگر غریب عوام اور محنت کش طبقہ مایوسی کا شکار ہیں انہیں ذخیرہ اندوزوں کرپٹ مافیا اور لوٹ مار کرنیوالوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ مسائل سے نجات غریبوں و محنت کش و ملازمین کی مشترکہ جدوجہد اور تحریک سے ہی ممکن ہے۔

شال بقیہ 59

محلہ سردار پورہ لالہ موتی شامل ہیں۔ جن کے قبضہ سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے نقدی اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ 3 پسٹل 30 بور برآمد ہوئے۔

شال بقیہ 60

تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ فیصل آباد شہر میں ہی ایک اور کارروائی میں ایف آئی اے کے سائبر کرائم ونگ نے تشہیر بابر نامی شخص کو گرفتار کیا ہے۔

شال بقیہ 61

مارتا ہوا سمندر سابق وزیر اعظم پاکستان چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا والہانہ اور پرتپاک استقبال کرے گا۔ وزیر اعظم سردار تنویر الیاس خان نے پاکستان تحریک انصاف کے تمام کارکنوں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اپنے قائد کا والہانہ استقبال کرنے کے لیے متحرک ہو جائیں۔ آزاد کشمیر بھر سے قافلے مظفرآباد کی جانب رواں دواں ہوں گے جہاں وہ اپنے قائد اور کشمیریوں کے محسن عمران خان کا تاریخی استقبال کریں گے۔

شال بقیہ 62

کرتے ہوئے کیا۔ نصر اللہ مغل نے کہا کہ موسم سرما کی آمد آمد ہے۔ ہر سال موسم سرما شروع ہوتے ہی چار ماہ کے لیے انڈسٹریز کی گیس بند کر دی جاتی ہے جس سے گیس سے چلنے والی صنعتیں بری طرح متاثر ہوتی ہیں۔

شال بقیہ 63

کی آزمائش ایک بند چیمبر میں کی جہاں ماسک پر وائرس پروڈیوسر کا مائع اسپرے کیا گیا۔ سینسر نے صرف 3,0 مائیکرو لیٹر مائع چھڑکنے پر ہی وائرس کے حوالے سے متنبہ کر دیا۔ یہ مقدار چھینک سے بننے والے چھینٹوں سے 70 سے 560 گنا کم جبکہ کھانسنے یا بات کرنے کے سبب اس سے بھی کم قطرے بنتے ہیں۔

شال بقیہ 64

جبکہ ڈرائیور فرار ہو گیا۔ کورنگی نمبر 3 بنگالی کیمپ میں گھر میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 50 سالہ انور جاں بحق ہو گیا، نامعلوم ملزمان نے گھر پر فائرنگ کی، گولی کھڑکی کے شیشے سے ہوتی ہوئی مقتول کو لگی اور وہ موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کے مطابق لانڈھی نمبر 4 میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولی لگنے سے 55 سالہ بلقیس زخمی ہو گئی۔

شال بقیہ 65

اور جاں بحق ہونے والوں کیلئے تعزیت پر صدر شوکت مرزئیوف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے آئے تباہ کن سیلاب کے نتیجے میں انسانی جانوں کے ضیاع، فصلوں، مویشیوں، مکانات اور انفراسٹرکچر کو پہنچنے والی تباہی پر روشنی ڈالی۔ اجلاس میں تفصیلی طور پر دو طرفہ تعاون کا احاطہ کیا گیا جس میں تجارتی و اقتصادی تعلقات، ریلوے، کنیکٹیویٹی اور بندرگاہوں کے ذریعے علاقائی روابط بڑھانے پر خصوصی توجہ دی۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے ازبکستان پاکستان ٹرانزٹ ٹریڈ ایگریمنٹ (UPTTA) اور ترجیحی تجارتی معاہدے (PTA) کو مکمل طور پر فعال کرتے ہوئے سیاسی تعلقات، تجارت اور اقتصادی تعاون کو بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے قریبی دفاعی اور سکیورٹی تعاون اور تعلیم، ثقافت اور سیاحت کے شعبوں میں تعاون کو مزید بڑھانے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آزادانہ ویزا نظام سے دونوں ممالک کی تاجر برادری دو طرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو فروغ دے گی۔ وزیر اعظم نے ٹرانس افغان ریلوے منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور افغانستان، پاکستان اور ازبکستان کی تکنیکی ٹیموں کی جانب سے افغانستان کے اندر فیلڈ مہم کی کامیاب تکمیل پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ایک بار مکمل ہونے کے بعد یہ منصوبہ کراچی اور گوادر کی بندرگاہوں کے ذریعے وسط ایشیائی ممالک کو موثر طریقے سے دنیا سے جوڑ دے گا۔ دونوں رہنماؤں نے بین الحکومتی کمیشن کا اجلاس جلد بلانے پر اتفاق کیا تاکہ پاکستان اور ازبکستان کے تعاون کو مزید گہرا اور وسیع کرنے کے لیے مخصوص تجاویز اور منصوبے مرتب کیے جا سکیں۔ وزیر اعظم نے صدر شوکت مرزیوف کو دورہ پاکستان کی دعوت دی۔ ازبک صدر نے وزیر اعظم کو جلد دورہ ازبکستان کی دعوت دی۔

شال بقیہ 66

اور آواران کے بچے بھی تعلیم حاصل کر کے ڈاکٹر، انجینئر اور فوج سمیت دیگر شعبوں میں جانا چاہتے ہیں اور یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم و تربیت کے مواقع فراہم کریں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بدقسمتی سے گزشتہ 30 سالوں کے دوران ہونے والی انسرجنسی کے منفی اثرات تعلیم سمیت زندگی کے ہر شعبہ پر مرتب ہوئے اور ہم ترقی کے عمل میں 30 سال پیچھے چلے گئے انہوں نے کہا کہ پہاڑوں پر جانے والے بھی ہمارے ہی لوگ ہیں اور دونوں جانب سے جو بھی نقصان ہوتا ہے وہ ہمارا ہی نقصان ہے ہم اس عرصہ میں اپنے بہت سے پیارے لوگوں کو کھو چکے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ امن اور ترقی لازم و ملزوم ہیں اور امن کے راستے پر چل کر ہی ترقی کے اہداف حاصل کیے جا سکتے ہیں جو کچھ ہم کھو چکے ہیں اس کا ازالہ تو ممکن نہیں لیکن دیرپا امن و استحکام کے ذریعے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے ہم سب کو ساتھ لیکر چلنے پر یقین رکھتے ہیں اور ترقی کی منازل کا حصول ہمارا اولین مقصد ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران کیڈٹ کالج سے نہ صرف آواران بلکہ قریبی اضلاع کے نوجوانوں کو بھی بہتر تعلیم کے حصول کے مواقع ملیں گے اور یہاں سے تعلیم حاصل کرنے والے ہمارے بچے ملک اور صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے انہوں نے کیڈٹ کالج کا منصوبہ دینے پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور منصوبے کو عملی جامہ پہنانے پر پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ اور پاک فوج کا شکریہ ادا کیا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران جیسے دور افتادہ ضلع میں کیڈٹ کالج کا قیام اہم پیشرفت ہے جس پر وہ علاقے کے عوام اور خاص طور سے نوجوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ آج کا دن آواران کی تاریخ کا روشن دن ہے آواران کی نوجوان نسل کو کیڈٹ کالج کے قیام کی صورت میں عظیم تحفہ ملا ہے جو ہمارے علاقے کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کی تعمیر کی بنیاد ثابت ہوگا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ آواران میں امن و امان کے قیام کیلئے پاک فوج ایف سی اور لیویز فورس کی خدمات قابل ستائش ہیں ہم امن و استحکام کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے سکیورٹی اہلکاروں اور شہریوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں آواران کے عوام اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔

شال بقیہ 67

ہی ناانصافی اور عدم مساوات سے لڑنے کا ایک بہترین ہتھیار ہے، آزادی صحافت اور اظہار رائے کی آزادی پر حملے ہو رہے ہیں، مفاد پرستوں کی جانب سے ڈس انفارمیشن پھیلانا ایک روایت بنتی جا رہی ہے۔ پی پی چیئرمین نے کہا کہ انتشار پھیلانے والے عناصر جمہوری نظام کے لیے ایک بڑا خطرہ ہیں۔ مساوات، اتحاد اور یکجہتی کے جمہوری اصولوں کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، پیپلز پارٹی ہمیشہ پاکستانی عوام کی جمہوری امنگوں کی تکمیل کی جدوجہد میں سب سے آگے رہی ہے، شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو نے اپنی جانوں کی قربانی دی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ ون مین ون ووٹ کا حق وزیر اعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو نے متعارف کرایا تھا اور انہوں نے ہی 1973 کے آئین کے ذریعے ہی پاکستان میں کثیر الجہتی جمہوریت کی بنیاد رکھی تھی۔

شال بقیہ 68

کو کمشنر بینظیر آباد نے بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر پاک فوج کے افسران و ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان عارف علوی نے میڈیا سے گفتگو سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریوں کے نقصانات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مخیر حضرات سے اپیل کی ہے کہ سندھ کی بدترین صورتحال اور تباہ حالی کے بعد بحالی کے اقدامات کیلئے آگے آئیں۔

ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، چیف سیکرٹری بلوچستان

منصوبوں پر کام بلاتعطل جاری رہے تاکہ مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائے، بسزل روڈ پر یوٹیلیٹی سروسز کی منتقلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے

کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے تعمیراتی کام کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا منصوبوں پر کام بلاتعطل جاری رہے تاکہ مقررہ مدت میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنائے، بسزل روڈ پر یوٹیلیٹی سروسز کی منتقلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ شہر کے دورے کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ طیب بلوچ، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ جبار بلوچ، پراجیکٹ ڈائریکٹر کوئٹہ پیکیج اور دیگر متعلقہ حکام بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیف سیکرٹری نے کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکیج کے تحت ایئرپورٹ روڈ، ریڈیو پاکستان روڈ، اسکب روڈ، سریاب بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

مشیر داخلہ میر ضیاءاللہ لانگو، زمرک خان اچکزئی، نصیب اللہ مری، لالہ رشید دشتی، سردار مسعود لونی یونس عزیز زہری کا روایتی پگڑی پہنا کر گروپ فوٹو

حالیہ سیلاب اور بارشوں سے نرمک میں ہر طرف تباہی کا منظر

سینکڑوں مکانات منہدم ہزاروں ایکڑ فصلیں تباہ زمیندار فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے

قلات (این این آئی) حالیہ سیلاب سے متاثرین کے مشکلات میں اضافہ سردی کا موسم شروع خیمہ نہ ملنے کی وجہ سے متاثرین پریشان نرمک کے سینکڑوں گھرانہ امداد کے منتظر ہزاروں ایکڑ فصلیں تباہ زمیندار فاقہ کشی پر مجبور ہوگئے کئی روز گزرنے کے باوجود جوہان کے دیہی علاقوں میں انتظامیہ کے امدادی ٹیم نہ پہنچنا تشویشناک امر ہے دوسرے طرف سیلاب کے بعد ہیضہ کے وبائی امراض میں اضافہ ہو رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام جوہان بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

شیرانی کے سکولوں کی مرمت کیلئے مختص بجٹ فنڈ 2021-22 کی تحقیقات کی جائے، امیر محمد شیرانی

شیرانی (این این آئی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن شیرانی کے صدر امیر محمد شیرانی جنرل سیکرٹری حبیب الرحمن حریفال چیئرمین شیر محمد شیرانی ڈویژنل چیئرمین سلطان شاہ حریفال آرگنائزر غفار شاہ شیرانی اور دیگر کابینہ اراکان بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

آئی جی جیل خانہ جات ملک شجاع الدین کاسی نے سنٹرل جیل ژوب کا دورہ کیا

ژوب (آن لائن) آئی جی جیل خانہ جات ملک شجاع الدین کاسی نے سنٹرل جیل ژوب کا دورہ کیا ڈی آئی جی عبیداللہ بیگ، سپرنٹنڈنٹ محمد خرم ریاض، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ حبیب اللہ خان، ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ عبدالرفیق کاکڑ اور ایڈیشنل سپرنٹنڈنٹ درمحمد مندوخیل بھی ان کے ہمراہ تھے، انہوں نے سنٹرل جیل ژوب میں قیدیوں سے ملاقات کی بیرکس، ہسپتال، خواتین بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

خاران پولیس عوام کے خدمت کے ہمیشہ پیش پیش رہے گا، حلیم بلوچ

اس سلسلے میں پولیس گشت بڑھانے کے لئے مزید نفری فراہم کی جائے گی

خاران (نمائندہ خصوصی) ایس پی آصف حلیم بلوچ نے کہا کہ شہر کو جرائم سے پاک رکھنے کے لیے وخاران شہر میں امن وامان رکھنے واشتہاری مفرور ملزمان کی گرفتاری کے لیے پولیس اپنی ذمہ داریاں بخوبی سرانجام دے رہی ہیں ان خیالات کا اظہار انھوں نے اپنے دفتر میں ضلعی سطح پر پولیس آفیسران کے ساتھ ہونے والے اجلاس کے صدارت کے دوران کیا اجلاس میں ایس ایچ او سٹی تھانہ محمد اسماعیل مینگل، ایس ایچ او صدر خاران اسداللہ بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

جعفرآباد کی انتظامیہ باب پارٹی کے لوگوں کو راشن اور دیگر سامان دے رہے ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) جعفرآباد کی انتظامیہ باب پارٹی کے لوگوں کو راشن اور دیگر سامان دے رہے ہیں باقی عوام چلا رہے ہیں۔ اب سیاست راشن پر کیا جا رہا ہے ڈی سی ایک کرپٹ آفیسر ہے جن کو باپ پارٹی کی اشیرواد حاصل ہے، پیپلز پارٹی تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے ڈویژنل جنرل سیکرٹری بقیہ نمبر56 صفحہ 3 پر

نصیرآباد، اسسٹنٹ کمشنر چھتر خادم حسین کھوسہ سیلاب متاثرین میں راشن تقسیم کر رہے ہیں

دنیا پاکستان کی مدد کیلئے قدم بڑھائے، امریکی محکمہ خارجہ

سیلاب کے باعث پاکستان میں اہم فصلیں بڑے پیمانے پر تباہ ہوجائیں گی

سیلاب سے ایسی تباہی ہوئی جس کو سمجھنا بہت مشکل اور پریشان کن ہے، عہدیدار

واشنگٹن (این این آئی) رواں ماہ کے شروع میں ملک کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرنے والے سینئر امریکی عہدیدار نے کہا ہے کہ دنیا کو اس وقت پاکستان کی امداد کے لیے قدم بڑھانے اور مشکل کی اس گھڑی میں اس کا ساتھ دینے کی ضرورت ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کے کونسلر ڈیرک شولے نے ڈان کو بتایا کہ ایسی تباہی ہے جس کو سمجھنا بہت مشکل اور پریشان کن ہے۔ ڈیرک شولے نے خبردار کیا کہ بدترین صورتحال سامنے آنا ابھی باقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلاب اور لاکھوں لوگوں کا بے گھر ہونا ایسا بحران ہے جس کا پاکستان کو بہت جلد سامنا کرنا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ جلد سامنے والا یہ بحران لوگوں کے کافی عرصے تک پانی میں گھرے رہنے کے باعث پاکستان کے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

کراچی، مسلح افراد نے گھر میں سوئے شخص کو کھڑکی سے فائرنگ کرکے قتل کردیا

کراچی (این این آئی) کورنگی غریب نواز کالونی میں گھر میں سوئے ہوئے ٹھیلے پر پکوڑے فروخت کرنے والے شخص کو فائرنگ کرکے قتل کردیا گیا۔ دوسری جانب نارتھ ناظم آباد ڈی سلوٹاؤن میں شادی کی تقریب میں ہونے والی ہوائی فائرنگ سے ایک نوجوان زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق منگل اور بدھ کی درمیانی شب کورنگی تھانے کے علاقے سیکٹر 34/3 بنگالی کیمپ غریب نواز کالونی میں واقع مکان نمبر 441 میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ مقتول کی شناخت بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

حقوق کے حصول کا واحد بلارنگ ونسل منظم بنیادوں پر جدوجہد ہے، خان زمان

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مسائل کے حل کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی

بلوچستان کا محنت کش طبقہ ملازمین ومزدور مسائل حل نہ ہونے پر سراپا احتجاج ہیں

کوئٹہ (این این آئی) مہنگائی بیروزگاری اور عدم مساوات نے محنت کش طبقے ملازمین اور سفید پوش غریب عوام کی مشکلات میں شدید اضافہ کردیا۔ مزدور اور عوام مہنگائی کی چکی میں پس گئے عوام میں شدید مایوسی کی لہر پائی جاتی ہے حکومت اور ادارے موجودہ حالات سے نمٹنے مسائل کے حل اور بلوچستان کے ملازمین ومزدوروں کے مطالبات تسلیم کریں۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں مسائل کے حل کیلئے بھرپور جدوجہد کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار بلوچستان بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

ڈی پی او گجرات سید غضنفر علی شاہ کی زیر قیادت پولیس کا ڈکیت گینگ کے خلاف گرینڈ آپریشن

کھاریاں (این این آئی) ڈی پی او گجرات سید غضنفر علی شاہ کی زیر قیادت پولیس کا ڈکیت گینگ کے خلاف گرینڈ آپریشن تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ صدر لالہ موسیٰ اور ان کی ٹیم نے جدید سائنسی ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں ملوث تین رکنی قمرو گینگ گرفتار کرکے مال مسروقہ برآمد کرلیا۔ گینگ لالہ موسیٰ کے علاقہ میں راہزنی اور ڈکیتی کی وارداتوں میں مطلوب تھا۔ گرفتار ملزمان میں 1۔ قمرش ارشد 2۔ ساحل ارشد 3۔ یشوع سکنائے بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

ITEMS
Excellence
وائس چانسلر پروفیسر احمد فاروق بازئی نے وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوانان محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

مہنگائی تو پہلے ہی بہت تھی پنجاب حکومت نے آٹا مہنگا کرکے عوام کا جینا حرام کردیا

پنجاب میں آٹے کی قیمت میں اضافے کے بعد مختلف علاقوں میں نایاب، عوام دو وقت کی روٹی کو ترسنے لگے

مکوآنہ (این این آئی) ملک میں مہنگائی تو پہلے ہی بہت تھی لیکن پنجاب حکومت نے آٹا مہنگا کر کے جلتی پر تیل چھڑک دیا مختلف علاقوں میں آٹا نایاب، عوام دو وقت کی روٹی کو ترسنے لگے۔ پنجاب حکومت نے ایک طرف آٹے کے 20 کلو تھیلے کی قیمت میں اضافہ کر دیا ہے تو دوسری طرف شہر کے بیشتر علاقوں میں آٹا نایاب ہو کر رہ گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پنجاب حکومت نے 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 330 روپے کا اضافہ کردیا ہے۔

فیصل آباد میں پب جی گیم اکاؤنٹس کی فروخت میں ملوث دو افراد گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے صوبہ پنجاب کے شہر فیصل آباد میں وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے سائبر کرائم ونگ نے موبائل گیم 'پب جی' کے اکاؤنٹس بیچنے اور دھوکہ دہی پر دو افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ ایف آئی اے کے ترجمان نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ ملزمان حسن شاکر اور امیر حمزہ شکایت کنندہ افراد سے پب جی اکاؤنٹس بیچنے کی غرض سے 8 لاکھ 20 ہزار روپے لیے۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ گرفتار افراد کے خلاف پریوینشن آف الیکٹرانک کرائم ایکٹ کے بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

قوم امپورٹڈ حکومت کو مزید برداشت کرنے کو تیار نہیں، ڈاکٹر شاہد صدیق

عمران خان کی کال پر عوام کا سمندر نکلنے والا ہے جو امپورٹڈ حکمرانوں کو خس وخاشاک کی طرح بہالے جائیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی بانی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق خان نے کہا ہے کہ قوم امپورٹڈ حکومت کو مزید برداشت کرنے کو تیار نہیں، عمران خان کی کال پر عوام کا سمندر نکلنے والا ہے جو امپورٹڈ حکمرانوں کو خس وخاشاک کی طرح بہالے جائیگا، عمران خان کیخلاف مقدمات بنا کر سیاست سے آؤٹ کرنے کا وفاقی حکومت کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔

ڈپٹی کمشنر پشین یاسر خان بازئی پولیو سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ضلع کوئٹہ میں رول ماڈل کے طور پراجیکٹ شروع کیا جائے، زین العابدین خلجی

مالی طور پر مضبوط کمپنیوں کو صاف شفاف ٹینڈر کے ذریعے کام دیا جائے

کال ڈیپازٹ کے طور پر زر ضمانت لی جائیں تاکہ مستقبل قریب میں کوئی مشکل پیش نہ آئے

کوئٹہ (این این آئی) ڈسٹرکٹ زکواۃ وعشر کمیٹی کوئٹہ کے چیئرمین زین العابدین خلجی نے چیئرمین صوبائی زکواۃ کونسل بلوچستان، سیکرٹری مذہبی امور، ڈائریکٹر مذہبی امور کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مستحقین کو گزارہ الاؤنس کے مد میں ملنے والی رقم کو بائیو میٹرک کرنے سے بیواؤں، معذوروں، یتیموں نادار افراد کی حق تلفی ختم ہو جائے گی اور پیشہ ور مستحقین کا راستہ بند ہو جائے گا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ضلع کوئٹہ میں رول بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

ہم محب وطن ہے اور ماشکیل ایک پرامن علاقہ ہے، عبدالرشید ریکی

امن وامان کو برقرار رکھنے کے حوالے سے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے

ماشکیل (آن لائن) چیف آف رخشان ممتاز سیاسی وقبائلی شخصیت ریکی قبیلے کے سربراہ سردار عبدالرشید ریکی کی سربراہی میں جامع مسجد نور ماشکیل میں ریکی قوم کے بارہ طائفے اور ماشکیل میں آباد دیگر اقوام کے طائفوں کا ماشکیل گزر مسئلے کے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس سے چیف آف رخشان ممتاز سیاسی وقبائلی شخصیت ریکی قبیلے کے سربراہ سردار عبدالرشید ریکی علما کرام قبائلی عمائدین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم محب وطن ہے اور ماشکیل ایک بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں

سریاب کے مختلف علاقوں میں 3 ہوٹلوں، 1 نان شاپ اور 2 جنرل اسٹورز پر جرمانے عائد کیے گئے

کوئٹہ، تربت (ح ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی حفظان صحت کے اصولوں کو سبوتاژ کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔ اس ضمن میں بی ایف اے کی انسپکشن ٹیموں نے کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں 15 جبکہ تربت میں 2 اشیاء خورونوش کے مراکز پر جرمانے عائد کردیئے۔ ملاوٹ زدہ دودھ کی فروخت کے تدارک کیلئے بی ایف اے کی خصوصی موبائل ملک سیفٹی ٹیم نے نواں کلی بائی پاس وملحقہ علاقوں میں ملک شاپس وڈیری فارمز کا معائنہ کیا، بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

اسلام اور آئین پاکستان سے منافی قانون سازی قوم کسی صورت قبول نہیں کریگے، عبدالقادر لونی

ٹرانس جینڈر ایکٹ سے مغربی بدتہذیبی، جنسی آوارگی اور بے راہ روی کے لیے راہ ہموار کیا جارہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے ملک میں ٹرانس جینڈر ایکٹ کے خلاف پورے صوبہ میں 23 ستمبر جمعہ کو یوم احتجاج اور مظاہروں کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اسلام اور آئین پاکستان سے منافی قانون سازی قوم کسی صورت قبول نہیں کریگے ٹرانس جینڈر ایکٹ سے مغربی بدتہذیبی، جنسی آوارگی اور بے راہ روی کے لیے راہ ہموار کیا جارہا ہے مغربی این جی آوز کے ایجنٹ مملکت خداداد پاکستان میں مغربی تہذیب بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

پاکستان سمیت دنیا بھر میں 21 ستمبر کو الزائمرز سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا

الزائمرز کے لاحق ہونے کا کوئی معروف سبب ابھی تک دریافت نہیں ہوسکا، ماہرین

کراچی (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں 21 ستمبر کو الزائمرز سے بچاؤ کا عالمی دن منایا گیا۔ الزائمرز کے عالمی دن کے حوالے سے نیورولوجی اویئرنس اینڈ ریسرچ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام ایک روزہ آگہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ معروف ماہرین اعصابی امراض پروفیسر اقبال آفریدی، پروفیسر ڈاکٹر محمد واسع، پروفیسر ڈاکٹر اعجاز وہرہ، ڈاکٹر شاہد مصطفیٰ، پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک اور ڈاکٹر واجد جواد نے اس دن کی مناسبت سے گفتگو کرتے بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

متاثرین خود کو تنہا نہ سمجھیں مشکل کی اس گھڑی میں ہم متاثرین کے ساتھ ہیں

بارشیں اور سیلاب قدرتی آفات ہیں لسبیلہ میں ایسے بھی علاقے ہیں، منور علی خاصخیلی

اوتھل (نامہ نگار) جمعیت علماء اسلام کے رہنما منور علی خاصخیلی، حافظ محمد یوسف گدور کی جانب سے الیاس محلہ، جمالی محلہ، موچی محلہ میں سیلاب متاثرین میں 100 بیگ راشن کے تقسیم کیے۔ تفصیلات کے مطابق جمعیت علماء اسلام کے رہنما منور علی خاصخیلی، حافظ محمد یوسف گدور کی جانب سے الیاس محلہ، جمالی محلہ، موچی محلہ میں سیلاب متاثرین میں 100 بیگ راشن کے تقسیم کیے۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے رہنما منور علی خاصخیلی اور حافظ محمد یوسف گدور نے کہا ہے کہ متاثرین خود کو بقیہ نمبر46 صفحہ 3 پر

پانچ جولائی 1977 کی سیاہ رات کی گہرائی اب تک باقی ہے، نعیم بلوچ

طلوع سحر پاکستان پیپلز پارٹی کے فلسفے منشور پر عملدرآمد کرنے سے ممکن ہے

ہماری جدوجہد ملک کی سالمیت کے ساتھ عوام کی خوشحالی کے لیے ہے

بسیمہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ نے کہا ہے پانچ جولائی 1977 کی سیاہ رات کی گہرائی اب تک باقی ہے طلوع سحر پاکستان پیپلز پارٹی کے فلسفے منشور پر عملدرآمد کرنے سے ممکن ہے ہماری جدوجہد ملک کی سالمیت کے ساتھ عوام کی خوشحالی کے لیے ہے ملک کی بقا جمہوریت میں ہے اب مزید غیر جمہوری اقدام سے ملک کی سالمیت کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے تمام ادارے اپنے آئینی حدود میں رہ کر جمہوریت کو استحکام بخشیں آج کے دور میں ترقی وہ قومیں کر سکتے ہیں جو تعلیم کو سب سے زیادہ فوقیت دیتے ہیں ہنر سکھتے ہیں ملکی ترقی میں ان کا بڑا کردار ہوتا ہے آج پاکستان میں افرادی قوت بہت زیادہ ہے بدبختی سے ہم اپنے لوگوں کو ہنر نہیں دے سکے ہیں۔

ہوشربا مہنگائی عوام کا معاشی قتل ہے، رانا نثار احمد راٹھ

وفاقی حکومت کے عوام دشمن اقدامات کے نتیجے میں غربت مہنگائی خودکشیاں عام ہوگئی ہیں

مانگا منڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما رانا نثار احمد راٹھ نے کہا کہ پٹرول بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ عوام کا معاشی قتل ہے وفاقی حکومت کے عوام دشمن اقدامات کے نتیجے میں غربت مہنگائی خودکشیاں عام ہوگئی ہیں امپورٹڈ حکومت اپنے کرپشن کے مقدمات ختم مہنگائی بڑھانے میں لگی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ معاشی وسیاسی بحرانوں میں مبتلا ملک کی امپورٹڈ حکومت نے بجلی گیس تیل آٹا چاول ودیگر اشیائے خوردنی میں مسلسل اضافہ کرکے محنت کش غریب عوام کی زندگیاں اجیرن کردیں ہیں۔

پاکستانی نژاد کینیڈین رکن پارلیمنٹ کا 30 ملین ڈالرز کا اعلان

اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد کا اعلان کیا گیا

کینیڈین حکومت کی جانب سے بھی پاکستان میں سیلاب متاثرین افراد کی مدد کے لئے مجموعی طور پر تیس ملین ڈالرز کی امداد کا اعلان کیا گیا

ٹورنٹو (این این آئی) پاکستان میں سیلابی صورتحال نے تباہی مچادی، عظیم انسانی سانحے پر پاکستان سمیت دنیا بھر کی جانب سے اظہار یکجہتی کیا گیا۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری کی جانب سے سیلاب متاثرین کی امداد کا اعلان کیا گیا۔ کینیڈین حکومت کی جانب سے بھی پاکستان میں سیلاب متاثرین افراد کی مدد کے لئے مجموعی طور پر تیس ملین ڈالرز کی امداد کا اعلان کیا گیا۔ پاکستانی نژاد کینیڈین رکن پارلیمنٹ اقرا خالد ان دنوں پاکستان کے دورے پر ہیں۔ اقرا خالد پاکستان میں سیلاب کی صورتحال کا جائزہ لینے اور متاثرین سے ملاقات کے لئے کینیڈا کے انٹرنیشنل ڈویلپمنٹ منسٹر اور دیگر دو اراکین پارلیمنٹ شفقت علی اور سلمیٰ زاہد کے ساتھ پاکستان آئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اقرا خالد کا تعلق بہاولپور بقیہ نمبر40 صفحہ 3 پر

روس نے یوکرین میں زیر قبضہ علاقے ضم کرنے کا منصوبہ بنالیا

ووٹ سے جیو پالیٹیکل صورت حال تبدیل ہوکر روس کے حق میں ہو جائیگی، روسی حکام

ماسکو (این این آئی) روس کے زیر انتظام یوکرین کے 2 مشرقی علاقوں نے روس میں شامل ہونے کے لیے ریفرنڈم کروانے کے منصوبے کا اعلان کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق روسی صدر ولادیمیر پیوٹن کے اتحادی نے بتایا کہ ووٹ سے جیو پالیٹیکل صورت حال تبدیل ہوکر ہمیشہ کے لیے ماسکو کے حق میں ہوجائے گی۔ یہ قدم مغرب کے ساتھ ماسکو کے تصادم کو بڑھائے گا، شمال مشرقی یوکرین میں روس کے میدان جنگ میں ناکامی کے بعد یہ قدم سامنے آیا ہے۔ ولادیمیر پیوٹن تقریباً 7 ماہ پرانے تنازع میں اگلے اقدامات پر غور کررہے ہیں۔

ایشیائی ترقیاتی بینک کی موجودہ مالی سال میں مہنگائی میں اضافے کی پیشگوئی

سیلاب، بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ کے باعث معاشی شرح نمو میں کمی کا خدشہ ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک نے پاکستانی معیشت پر رپورٹ جاری کردی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ موجودہ مالی سال پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.5 فیصد تک محدود رہنے کا امکان ہے، جون میں افراط زر 21.3 فیصد تک پہنچ گیا جو کہ سال 2008 کے بعد مہنگائی کی بلند ترین شرح ہے اور موجودہ مالی سال مہنگائی کا دباؤ بلند رہے گا، اس سال مہنگائی 18 فیصد تک بڑھنے کی پیش گوئی ہے۔ اے ڈی بی کے مطابق پاکستان میں تباہ کن سیلابوں نے ملک کے معاشی منظرنامے کو گہرے خطرات میں ڈال دیا ہے تاہم اندرونی اور بیرونی مالی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سخت پالیسی اقدامات کئے گئے ہیں۔ اے ڈی بی سیلاب سے ریلیف، بحالی اور تعمیر نو کا ایک پیکیج تیار کر رہا ہے۔

دور حاضر میں ٹیکنالوجی کے شعبہ جات کی طرف توجہ انتہائی اہم ہے، شزہ فاطمہ خواجہ

پاکستان میں انتہائی محدود نوجوانوں کو بہتر تعلیم بالخصوص یونیورسٹی تک پہنچنے کے مواقع دستیاب ہیں، وزیر اعظم کی خصوصی اسسٹنٹ برائے امور نوجوان

نوجوانوں پر ملک کے مستقبل کی بھاری ہے جسے اساتذہ کی رہنمائی اور محنت سے ہی حاصل کی جاسکتا ہے، دور حاضر میں ٹیکنالوجی کے شعبہ جات کی طرف توجہ انتہائی اہم ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم کی خصوصی اسسٹنٹ برائے امور نوجوان شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان میں انتہائی محدود نوجوانوں کو بہتر تعلیم بالخصوص یونیورسٹی تک پہنچنے کے مواقع دستیاب ہیں ان نوجوانوں پر ملک کے مستقبل کی بھاری ہے جسے اساتذہ کی رہنمائی اور محنت سے ہی حاصل کی جاسکتا ہے دور حاضر میں ٹیکنالوجی کے شعبہ جات کی طرف توجہ انتہائی اہم ہے مشکل حالات کے باوجود پاکستان کے نوجوان عصری لانسنگ (Free Lancing) اور آن لائن بزنس کے ذریعے دنیا بھر میں اچھا منافع کمانے والے ممالک میں شامل ہیں ٹیکنالوجی کے شعبوں میں توجہ دے کر ہم نوجوانوں کو بہتر معاشی سرگرمیوں کی جانب راغب کرسکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ بلوچستان بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

سیکرٹری زراعت امید علی کھوکھر سے ڈاکٹر مارکو کی قیادت میں اٹالین زرعی ماہرین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

سیلاب سے متاثرہ علاقوں اوتھل، بیلہ، لاکھڑا میں ملیریا نے پنجے گاڑ دیئے

پیراسٹامول کے فارمولے کی تمام گولیاں مارکیٹ میں نایاب

اوتھل (نامہ نگار) ضلع لسبیلہ کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں اوتھل، بیلہ، لاکھڑا میں ملیریا نے پنجے گاڑ دیئے۔ سینکڑوں افراد ملیریا کا شکار، ستم ظریفی کی بات تو یہ ہے کہ پیراسٹامول کے فارمولے کی تمام گولیاں مارکیٹ میں نایاب۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لسبیلہ میں حالیہ مون سون کی تاریخ سب سے زیادہ بارشوں اور اس کے نتیجے میں آنے والے سیلاب سے ضلع لسبیلہ کے متاثرہ علاقوں اوتھل، بیلہ، لاکھڑا میں ملیریا نے پنجے گاڑ دیئے۔ سینکڑوں بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 3 بجے ہوگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس دو روزہ وقفے کے بعد آج سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے نصراللہ خان زیرے کوئٹہ کے سی تالے میں سیکورٹی اداروں کی جانب سے منشیات فروشوں بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

صحافی نور احمد راہی کا سید علی محمد شاہ ہاشمی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (پ ر) صحافی نور احمد راہی نے پیر ومرشد، عظیم شخصیت، اسلام کے داعی، سجادہ نشین خواجہ ابراہیم کیپاسی سید السادات الحاج سید علی محمد شاہ ہاشمی چشتی رحمۃ اللہ علیہ کے انتقال کو انسانیت کے لیے ناقابل تلافی نقصان اور عظیم سانحہ قرار دیتے ہوئے بلوچستان بھر کے عوام سے تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ الحاج سید علی محمد شاہ ہاشمی چشتی کے انتقال نے نہ بقیہ نمبر44 صفحہ 3 پر

30 ستمبر کو چمن میں شہید اسلام کانفرنس سنگ میل ثابت ہوگا، حلقہ باغیچہ

مولانا محمد حنیف شہید کے دینی ملی جہادی اور قومی خدمات آج تک جاویدان ہے، حافظ عبدالقیوم

چمن (نامہ نگار) جمعیت علمائے اسلام تحصیل چمن حلقہ گلدار باغیچہ کے امیر حافظ عبدالقیوم۔ مفتی عمادالدین۔ مولوی صالح محمد۔ مولانا حافظ محمد طاہر۔ مولوی محمود۔ مولوی شاہ فہد۔ مولوی رحمت اللہ۔ ملا عبدالسلام۔ اور سیکرٹری اطلاعات مفتی عبدالرزاق حقانی ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ 30 ستمبر بروز جمعہ ضلع چمن میں جمعیت کے زیر انتظام عظیم الشان شہید اسلام کانفرنس بیاد سابق مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حضرت مولانا محمد حنیف ہوگا جس سے مرکزی وصوبائی بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

نصیرآباد، ڈپٹی کمشنر عائشہ زہری تحصیل چھتر کے بچوں میں بسکٹ تقسیم کر رہی ہیں

لسبیلہ کے صدر مقام شہر اوتھل میں خطرناک منشیات کرسٹار کی فروخت سرے عام جاری ہے

اوتھل (آن لائن) لسبیلہ کے صدر مقام شہر اوتھل میں خطرناک منشیات کرسٹار کی فروخت سرے عام جاری ہے، اوتھل پولیس منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی سے گریزاں، دن اور رات شہر کے معروف ترین علاقے میں نشئیوں اور منشیات فروشوں کی نقل وحرکت نے علاقے میں مستقبل کے معمار طلبا اور معصوم شہریوں کے منشیات کی لت میں مبتلا ہونے کے حوالے بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

خواتین نے اپنی سیاسی جدوجہد سے ہمیشہ اپنی طاقت کا لوہا منوایا ہے، روزی خان کاکڑ

خواتین ہمارے معاشرے اور سیاست میں کلیدی کردار کی حامل ہیں، خواتین کو مناسب نمائندگی دیئے بغیر ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔

خصوصاً سیلاب سے متاثرہ خواتین کو وفاقی حکومت کی جانب سے دی گئی امداد اور بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے حوالے سے خواتین میں شعور اور آگاہی پیدا کرنے کیلئے خواتین ونگ کا کردار بہت اہم ہے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری جنرل روزی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ خواتین ہمارے معاشرے اور سیاست میں کلیدی کردار کی حامل ہیں خواتین نے اپنی سیاسی جدوجہد سے ہمیشہ اپنی طاقت کا لوہا منوایا ہے، خواتین کو مناسب نمائندگی دیئے بغیر ملک ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن نہیں ہوسکتا۔ یہ بات انہوں نے پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹریٹ میں پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی کابینہ، کوئٹہ ڈویژن، ڈسٹرکٹ کوئٹہ اور کوئٹہ سٹی کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں پیپلز خواتین ونگ بلوچستان کی سینئر نائب کلثوم افتخار، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سکینہ عبداللہ خان، نائب صدر پروین مینگل، نائب صدر محمودہ نسرین، نائب صدر ماجبین خالد جمالی، رابطہ بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

سبی، ڈپٹی کمشنر سبی منصور احمد قاضی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جڑانوالہ میں سرکاری آٹا کے پوائنٹس کی بندر بانٹ جاری

غریب خواتین ومرد آٹا کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور

مکوآنہ (این این آئی) جڑانوالہ میں سرکاری آٹا کے پوائنٹس کی بندر بانٹ جاری غریب خواتین ومرد آٹا کے حصول کیلئے دربدر کی ٹھوکریں کھانے پر مجبور انتظامی افسران مٹھی گرم ہونے پر من پسند لوگوں کو آٹا پوائنٹ کی تقسیم جاری تفصیلات کے مطابق گزشتہ کئی دنوں سے جڑانوالہ میں آٹا تقسیم کے پوائنٹ کی خرید وفروخت کا دھندہ عروج پر ہے انتظامی افسران اپنی مٹھی گرم ہونے پر یا اعلیٰ سطحی سفارش پر من پسند افراد کو آٹا تقسیم پوائنٹ دے دیئے گئے ہیں جہاں آٹا بھی سفارش اور تعلقات کی بنیاد پر دے دیا جاتا ہے۔

کراچی، مختلف واقعات میں 2 افراد ہلاک جبکہ اے ایس آئی سمیت 4 زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی میں فائرنگ سمیت دیگر واقعات میں 2 افراد ہلاک جبکہ اے ایس آئی سمیت 4 زخمی ہوگئے۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا سنگر چورنگی کے قریب ٹینکر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس نے باغ کورنگی میں خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر واٹر ٹینکر کو تحویل میں لیکر عوامی کالونی تھانے منتقل کردیا بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

جاپان، 10 منٹ میں کورونا کی تشخیص کرنے والا ماسک تیار

ماسک وائرس کی ہوا میں نشاندہی پہننے والے کے فون میں ایپ کے ذریعے مطلع کرتا ہے، رپورٹ

شنگھائی (این این آئی) سائنس دانوں نے ایک ایسا ماسک تیار کیا ہے جو 10 منٹ کے اندر کورونا وائرس کی تشخیص کر سکتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انتہائی حساس فیس ماسک اس وائرس کی ہوا میں نشان دہی کر کے ماسک پہننے والے کو ان کے فون میں ایک ایپ کے ذریعے مطلع کرتا ہے۔ کورونا وائرس کے علاوہ ماسک میں سوائن فلو اور برڈ فلو کی تشخیص کی بھی صلاحیت ہے۔ یہ بیماریاں ہوا میں متاثرہ افراد کے بولنے، کھانسنے یا چھینکنے کی وجہ سے خارج ہونے والے چھینٹوں کی صورت میں پھیلتی ہیں۔ یہ باریک اور نا دکھائی دینے والے مالیکیول ہوا میں کافی عرصے تک رہتے ہیں اور اس ہوا میں سانس لینے کی وجہ سے لوگ بیمار پڑتے ہیں۔ چین میں محققین نے اس ماسک بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

تاپی گیس پائپ لائن منصوبہ سے گیس بحران کا خاتمہ، سستی بجلی کا حصول ممکن ہوگا، نصراللہ مغل

تاپی گیس پائپ لائن منصوبہ، پاک ایران گیس منصوبہ پر فوری کام مکمل کیا جائے، صدر قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ

لاہور (این این آئی) نومنتخب صدر قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ لاہور نصراللہ مغل نے کہا ہے کہ پاک روس تاپی گیس پائپ لائن منصوبے سے ملک کے اندر جاری گیس بحران کا خاتمہ ہوگا اور روسی سستی گیس کو پاور پلانٹس میں استعمال کرکے سستی بجلی کا حصول ممکن ہوگا جس سے بجلی کے بڑھتے ہوئے ہوشربا نرخوں میں کمی آئے گی اور ملک میں لوڈ شیڈنگ کے خاتمہ میں بھی مدد ملے گی جس سے صنعتی پہیہ مسلسل رواں رہے گا اور حکومت کا صنعتی ترقی کا ویژن بھی پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن شپ کے صنعتکاروں کے وفد سے گفتگو بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

آزاد کشمیر کے عوام اپنے قائد عمران خان کا والہانہ استقبال کرینگے، چوہدری محمد رفیق نیئر

مظفرآباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی اطلاعات، ماحولیات وسائل انڈسٹریز چوہدری محمد رفیق نیئر نے کہا ہے کہ 29 ستمبر کو مظفرآباد میں عوام کا ٹھاٹھیں بقیہ نمبر61 صفحہ 3 پر

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ زاہد سلیم پرائم منسٹر ڈیلیوری یونٹ کے حوالے سے عوامی شکایات کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں